قرآن و حدیث سے ماخوذ
مستند دعاؤں کا مجموعہ

مناجاتِ مقبول (مترجم)

حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم
حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی دامت برکاتہم العالیہ
نائب مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی

GABA

نام کتاب: ——— مناجاتِ مقبول

مترجم: ——— حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی دامت برکاتہم العالیہ
نائب مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی

اشاعت اول: ——— ذی القعدہ ۱۴۲۷ھ بمطابق دسمبر 2006ء

نظرِ ثانی: ——— مولانا محمد قاسم امیر ملتانی
استاذ جامعہ حمادیہ شاہ فیصل کالونی کراچی
متخصص جامعہ دارالعلوم کراچی

ڈیزائننگ اینڈ لے آؤٹ — محمد رفیق کرار ایپکس میڈیا گرافکس
Gsm: 0321-7585485

فہرست

پیش لفظ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم، محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔ امّا بعد!


حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی دعاؤں کی معروف اور مقبول کتاب ''مناجاتِ مقبول'' بڑی مستند اور مفید کتاب ہے، اسکی دعائیں قرآن وحدیث کی دعائیں ہیں، جو بڑی نافع اور جامع ہیں۔ ہر مسلمان مرد وعورت کو ان کی ضرورت ہے، اسکی سات منزلیں ہیں۔ روزانہ اسکی ایک منزل پڑھنا چاہیئے۔ اصل دعائیں عربی میں ہیں، اور عربی میں انکو مانگنا بہتر ہے، لیکن اردو میں انکا ترجمہ کر کے مانگنا بھی جائز اور درست ہے۔

احقر کے علم کے مطابق اس کا پہلا نثر میں اردو ترجمہ حضرت مولانا حکیم محمد مصطفےٰ بجنوری رحمۃ اللہ علیہ نے کیا جو صحیح اور کامل ترجمہ ہے لیکن یہ ترجمہ لفظی ہے اور اسکی زبان کچھ قدیم

ہو چکی ہے، دوسرا ترجمہ حضرت مولانا عبدالماجد دریا آبادی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے جو اسکے مقابلہ میں سلیس اور با محاورہ ہے، لیکن اب اس سے زیادہ آسان، عام فہم اور با محاورہ ترجمہ کی ضرورت تھی، چنانچہ ان دونوں ترجموں کو سامنے رکھ کر احقر نے اسکا نیا، عام فہم ترجمہ کیا ہے، صفحہ کے اوپر والے حصہ میں مناجاتِ مقبول کا اصل عربی متن ہے، اسکے نیچے اس کا اردو میں ترجمہ لکھا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ پہلے دو ترجموں کی طرح اسکو بھی قبول فرمائیں اور مسلمانوں کے لیے نافع اور مفید بنائیں آمین۔

اس کتاب سے استفادہ کرنیوالوں سے درخواست ہے کہ اپنی دعاؤں میں بندہ، اسکے اہلِ خانہ اور اس کتاب کی تیاری میں تعاون کرنے والے احباب کو شامل فرمالیں، عنایت ہوگی۔

(حضرت مولانا مفتی) عبد الرؤف سکھروی (مدظلہم العالی)
(نائب مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی)
۲۷-۴-۱۴۲۷ھ


محمد

پہلی منزل

بروز ہفتہ

ان دعاؤں کے ورد کا زیادہ مناسب طریقہ یہ ہے کہ منزل کے ساتھ اول خطبہ ذیل پڑھیں اور ہفتہ سے شروع کرکے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کرویں احقر کو بھی دعا میں یاد رکھیں تو احسان عظیم ہوگا۔ بندہ محمد شفیع عفی عنہ

خُطْبَةُ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَأَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ
عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ مِنْ
قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ فَصَلِّ
عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ وَانْشَعَبَتِ
الْفُرُوْعُ مِنَ الْأُصُوْلِ ۞ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا
سَنَقُوْلُ ۞ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ

اے ان سب سے بہتر (ذات) جن سے امید قائم کی جائے اور ان سب سے زیادہ سخی تر ذات جن سے کچھ مانگا جائے۔ ہم آپ کی تعریف کرتے ہیں کہ آپ نے ہمیں مناجات مقبول سکھائی جو اللہ تعالیٰ کے یہاں نزدیکی کا باعث ہے (یہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مانگی ہوئی مبارک دعائیں ہیں (یا اللہ) جب تک مشرق اور مغرب کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت کاملہ نازل فرمایئے اسکے بعد جو دعائیں آگے آرہی ہیں ہم آپ سے مانگتے ہیں، ہمارا کام مانگنا اور آپ کا کام قبول کرنا اور عطا کرنا ہے (لہٰذا ہماری دعائیں قبول فرمایئے)

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ

(اور تمہارے رب نے فرمایا ہے کہ تم مجھ سے دُعا مانگو، میں قبول کرونگا)

وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الدُّعَاءَ مُخُّ الْعِبَادَةِ

اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا ہے: (بیشک دُعا، عبادت کا مغز ہے۔)

اَلْمَنْزِلُ الْاَوَّلُ يَوْمَ السَّبْتِ

پہلی	منزل	بروز	ہفتہ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1 رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ البقرہ: ۲۰۱

2 رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ البقرہ: ۲۵۰

شروع کرتا ہوں اللہ کا نام لیکر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

1 اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دیجئے اور آخرت میں بھی بھلائی دیجئے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیے!

2 اے ہمارے رب! ہم پر صبر انڈیل دیجئے اور ہمارے قدم جما دیجئے اور کافر لوگوں پر ہمیں غالب کر دیجئے

3 رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ إِنْ نَّسِيْنَآ أَوْ أَخْطَأْنَا ۚ
رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ
عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا
لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ
وَارْحَمْنَا ۗ أَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى
الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ البقرہ:۲۸۶

4 رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ
لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ۝
آل عمران:۸

3 اے ہمارے رب! اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں تو آپ ہماری پکڑ نہ فرمائیے اے ہمارے رب! ہم پر ایسا بھاری بوجھ نہ ڈالیے جیسا آپ نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔ اے ہمارے رب! جس بوجھ کی ہم میں (اٹھانے کی) طاقت نہیں ہم سے نہ اٹھوائیے، اور ہم سے درگزر فرمائیے! اور ہمیں بخش دیجئے! اور ہمارے اوپر رحم فرمائیے! آپ ہی ہمارے مالک ہیں لہٰذا کافر لوگوں پر ہمیں غالب فرما دیجئے۔

4 اے ہمارے رب! ہدایت عطا کرنے کے بعد ہمارے دل نہ پھیریے اور ہمیں اپنے پاس سے (بڑی) رحمت عطا فرمائیے۔ بے شک آپ بڑے ہی عطا کرنے والے ہیں۔

5 رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ آل عمران:١٦

6 رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ آل عمران:١٩١

7 رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ آل عمران:١٩٢

8 رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ

5 اے ہمارے رب! ہم ایمان لا چکے ہیں لہٰذا ہمارے گناہ معاف فرما دیجیے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیے

6 اے ہمارے رب! آپ نے یہ (سارا کارخانۂ قدرت) بے کار پیدا نہیں فرمایا، آپ پاک ہیں سو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیے۔

7 اے ہمارے رب! جسے آپ نے دوزخ میں ڈالا تو ضرور اسے رسوا کر دیا اور سیاہ کاروں کا کوئی بھی ہمدرد نہیں ہے۔

8 اے ہمارے رب! ہم نے ایمان کے لیے ایک پکارنے والے کو پکارتے ہوئے سنا کہ

أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا ۚ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا
ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ
الْأَبْرَارِ ۝ آل عمران:۱۹۳

9 رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعَدْتَنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا
يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ ۝ آل عمران:۱۹۴

10 رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا سکتہ وَإِنْ لَمْ تَغْفِرْ
لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝ الاعراف:۲۳

اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ چنانچہ ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے رب! آپ ہی ہمارے گناہ معاف فرما دیجیے اور ہماری برائیاں اتار دیجیے اور نیکوں کے ساتھ ہمارا خاتمہ کیجیے۔

9 اے ہمارے رب! آپ نے اپنے رسولوں کی معرفت ہم سے جو وعدہ فرمایا ہے وہ ہمیں عطا فرمایئے اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ فرما۔ بے شک آپ وعدہ خلافی نہیں فرماتے۔

10 اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اور اگر آپ ہمیں نہ بخشیں گے اور ہم پر رحم نہ فرمائیں گے تو ہم یقیناً نامرادوں میں سے ہو جائیں گے۔

11 رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ۝

12 اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ۝ الاعراف:۱۵۵

13 رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ یونس:۸۵،۸۶

14 فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝

11 اے ہمارے رب! ہم پر صبر انڈیل دیجئے اور ہمیں اسلام ہی کی حالت میں موت دیجئے۔

12 (اے ہمارے رب!) آپ ہی ہمارے مددگار ہیں لہٰذا ہمیں بخش دیجئے اور ہم پر رحم کیجئے اور آپ سب سے بہتر بخشنے والے ہیں۔

13 اے ہمارے رب! آپ ہمیں ظالم لوگوں کا ظلم وستم برداشت کرنے والا نہ بنائیے اور اپنی رحمت سے کافرلوگوں سے ہمیں چھڑا لیجئے۔

14 اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے آپ ہی دنیا اور آخرت میں میرے رفیق ہیں، مجھ کو مسلمان ہی اٹھانا اور نیک لوگوں میں مجھے شامل کرنا۔

15 رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ
رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ ابراہیم:۴۰

16 رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ
یَقُوْمُ الْحِسَابُ ○ ابراہیم:۴۱

17 رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ○ الاسراء:۲۴

18 رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ
مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ
سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ○ الاسراء:۸۰

15 اے میرے رب! مجھے اور میری نسل کو بھی نماز درست رکھنے والا بنا دیجیے اے ہمارے رب! میری دُعا قبول فرمالیجیے!

16 اے ہمارے رب جس دن حساب و کتاب قائم ہو مجھکو اور میرے ماں باپ کو اور تمام ایمانداروں کو بخش دینا۔

17 اے میرے رب میرے والدین پر رحم فرمایئے جیسا کہ انہوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔

18 اے میرے رب مجھے اندر بھی صاف لیجایئے اور باہر بھی صاف نکال لایئے اور میرے حق میں اپنے پاس سے ایک مدد دینے والی قوت تجویز فرما دیجیے۔

19 رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا
مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝ الکہف: ۱۰

20 رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۝
وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝ طٰہٰ: ۲۵ تا ۲۸

21 رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝ طٰہٰ: ۲۸

22 اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ الانبیاء: ۸۳

23 رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ الانبیاء: ۸۹

19 اے ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے ایک رحمت عطا فرمایئے اور ہمارے مقصد میں کامیابی کا سامان عطا فرمایئے!

20 اے میرے رب! میرا سینہ کھول دیجئے۔ اور مجھ پر میرا کام آسان کر دیجئے! اور میری زبان سے گنجلک (گرہ) کھول دیجئے۔ تاکہ لوگ میری بات کو سمجھ لیں۔

21 اے میرے رب! مجھے علم میں بڑھایئے!

22 (اے میرے رب) مجھے بیماری لگ گئی ہے اور آپ سب سے بڑھ کر مہربان ہیں (لہٰذا میری بیماری دور فرما دیجئے)

23 اے میرے رب مجھے اکیلا نہ چھوڑیئے اور آپ سب سے اچھے وارث ہیں۔

24 رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝ المؤمنون: ٢٩

25 رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝ وَاَعُوْذُ
بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝ المؤمنون: ٩٧

26 رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ
الرّٰحِمِيْنَ ۝ المؤمنون: ١٠٩

27 رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا
كَانَ غَرَامًا ۝ الفرقان: ٦٥

28 رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ

24 اے میرے رب! مجھے مبارک جگہ اتار دیجئے اور آپ سب سے بہتر اتارنے والے ہیں

25 اے میرے رب! میں شیطانوں کی چھیڑ چھاڑ سے آپکی پناہ چاہتا ہوں اور اے میرے رب! اس بات سے بھی آپکی پناہ چاہتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔

26 اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے لہذا آپ ہمیں بخش دیجئے اور ہم پر رحم فرمائیے اور آپ سب مہربانوں سے بہتر ہیں۔

27 اے ہمارے رب! ہم سے دوزخ کا عذاب دور فرما دیجئے کہ اس کا عذاب تو چمٹ جانے والا ہے۔

28 اے ہمارے رب! ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرمائیے

اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ الفرقان: ۷۴

29 رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ
عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا
تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ
الصّٰلِحِيْنَ ۝ النمل: ۱۹

30 رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝ القصص: ۲۴

31 رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ العنکبوت: ۳۰

اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا دیجئے

29 اے میرے رب! آپ نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر جو احسان کیا ہے تو مجھے توفیق عطا فرمایئے کہ میں آپکے احسان کا شکر بجالاؤں اور یہ کہ (وہ) نیک کام کروں جو آپ پسند کریں اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں داخل فرمایئے!

30 اے میرے رب! جو بھلائی بھی آپ میری طرف نازل کریں میں اس کا محتاج ہوں۔

31 اے میرے رب! مجھے فساد پھیلانے والے لوگوں پر غلبہ عطا فرمایئے۔

32 رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ
لِلَّذِیْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِیْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ
الْجَحِیْمِ ۝ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ نِ الَّتِیْ
وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ
وَذُرِّیّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ وَقِهِمُ
السَّیِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّیِّاٰتِ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ
رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝ الغافر: ۹

32 اے ہمارے رب! آپ کے رحم اور علم نے ہر چیز کا احاطہ کیا ہوا ہے پس آپ ان لوگوں کی جنہوں نے (گناہوں) سے توبہ کی اور تیرے راستے پر چلے بخشش فرما دیجئے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچائیے۔ اے ہمارے رب! آپ انہیں ہمیشہ رہنے کی ان جنتوں میں داخل فرمائیے جن کا آپ نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ اور انکے باپ دادوں اور انکی بیویوں اور اولاد میں سے جو نیک ہوں (انہیں بھی جنت میں داخل فرمائیے) بے شک آپ ہی زبردست حکمت والے ہیں اور (یا اللہ) آپ انہیں خرابیوں سے بچائیے اور جس کو آپ نے اس دن خرابیوں سے بچالیا (تو) اس پر آپ نے (بڑا) رحم فرمایا اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

33 وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ
وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝ الاحقاف:۱۵

34 اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝ القمر:۱۰

35 رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا
بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ
اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝ الحشر:۱۰

36 رَبَّنَا عَلَیْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَیْكَ اَنَبْنَا وَاِلَیْكَ

33 (اے میرے رب) میری اولاد میں نیکی کی صلاحیت عطا فرمائیے میں نے آپ (ہی) کی طرف رجوع کیا ہے اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

34 (اے میرے رب) میں مغلوب ہوگیا ہوں آپ (ان سے میرا) بدلہ لیجئے۔

35 اے ہمارے پروردگار! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان میں ہم سے سبقت لے گئے ہیں بخش دیجئے۔ اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے ساتھ کدورت نہ ہونے دیجئے اے ہمارے رب! آپ بڑے شفیق (اور) مہربان ہیں۔

36 اے ہمارے آقا! ہم نے آپ ہی پر بھروسہ کیا اور آپ ہی کی طرف ہم رجوع ہوئے

الْمَصِيْرُ ۝ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا
وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

37 رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ التحریم: ۸

38 رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ
مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۝ نوح: ۲۸

39 اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَآءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

اور آپ ہی کی طرف لوٹنا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہمیں کافر لوگوں کے ظلم و ستم کا نشانہ نہ بنائے اور اے ہمارے رب! ہمیں بخش دیجئے بے شک آپ ہی زبردست ہیں (اور) حکمت والے ہیں۔

37 اے ہمارے رب! ہمارے لیے ہمارا نور کامل کر دیجئے اور ہمیں بخش دیجئے۔ کیونکہ آپ ہر چیز پر قادر ہیں۔

38 اے میرے رب! مجھکو اور میرے والدین کو بخش دیجئے اور اسکو بھی بخش دیجئے جو میرے گھر میں مومن ہو کر داخل ہوا اور تمام ایماندار مردوں اور عورتوں کو بھی (بخش دیجئے)۔

39 اے اللہ! میرے گناہوں کو برف اور اولے کے پانی سے دھو دیجئے اور میرے دل

وَنَقِّ قَلْبِیْ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْاَبْیَضُ
مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا
بَاعَدْتَّ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ۞ بخاری

40 اَللّٰھُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوٰھَا وَزَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ
زَکّٰھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلَاھَا ۞ مسلم

41 اِنَّا نَسْاَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا سَاَلَکَ مِنْہُ نَبِیُّکَ
مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۞ ترمذی

کو گناہوں سے ایسا پاک وصاف فرما دیجئے جیسے سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے اور میرے اور میرے گناہوں کے درمیان ایسا فاصلہ کر دیجئے جیسا کہ مشرق و مغرب میں آپ نے فاصلہ رکھا ہے۔

40 یا اللہ! میرے نفس کو (اس کی) پرہیزگاری عطا فرمایئے اور اسے پاک کر دیجئے، آپ ہی سب سے بہتر پاک کرنے والے ہیں آپ ہی اس (نفس) کے مالک اور آقا ہیں۔

41 ہم آپ سے وہ سب بھلائیاں مانگتے ہیں جو آپ سے آپ کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مانگی ہیں۔

42 اِنَّا نَسْأَلُكَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَمُنْجِيَاتِ أَمْرِكَ
وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ وَالْغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ
بِرٍّ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ۞ مستدرک حاکم

43 اَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا ۞ کنز العمال

44 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ خَطَئِيْ وَعَمْدِيْ ۞ بیہقی

45 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَإِسْرَافِيْ
فِيْ أَمْرِيْ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ۞ صحیحین

42 ہم آپ سے مغفرت کے اسباب، نجات دینے والے کام، ہر گناہ سے سلامتی اور ہر نیکی کی توفیق، جنت کا حصول اور دوزخ سے نجات مانگتے ہیں۔

43 میں آپ سے نفع دینے والا علم مانگتا ہوں۔

44 یا اللہ! میرے نادانستہ اور دانستہ گناہ معاف فرما دیجئے۔

45 یا اللہ! میری خطا، نادانی، اور اپنے معاملے میں میری زیادتی معاف کر دیجئے اور وہ بھی (بخش دیجئے) جو آپ مجھ سے بڑھ کر جانتے ہیں۔

46 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ ؕ صحصین

47 اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ ؕ مصنف ابن ابی شیبہ

48 اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ ؕ مسلم

49 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى ؕ مسلم

50 اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ

46 یا اللہ! میرا (وہ گناہ) جو مجھ کو مقصود تھا اور جو غیر مقصود تھا (سب) معاف فرما دیجیے۔

47 اے دلوں کے پھیرنے والے اللہ! ہمارے دل اپنی فرمانبرداری کی طرف پھیر دے

48 یا اللہ! مجھے ہدایت دیجیے اور مجھے درست رکھیے۔

49 یا اللہ! میں آپ سے ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور پاکدامنی اور سیر چشمی مانگتا ہوں۔

50 یا اللہ! میرا دین درست رکھیے جسمیں میری خیریت اور حفاظت ہے اور میری دنیا

اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَاشِیْ
وَاَصْلِحْ لِیْٓ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَادِیْ
وَاجْعَلِ الْحَیٰوۃَ زِیَادَۃً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ
وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ ۞ مسلم

51 اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ ۞ مسلم

52 اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَ
الْجُبْنِ وَالْھَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ وَمِنْ

درست رکھیے جس میں مجھے زندگی گزارنا ہے اور میری آخرت اچھی بنادے جہاں مجھے لوٹ کر جانا ہے اور زندگی کو میرے لیے نیکی اور بھلائی میں اضافہ اور ترقی (کا ذریعہ) بنادیجیے اور موت کو میرے حق میں ہر شر اور برائی سے راحت (اور حفاظت) کا وسیلہ بنادیجیے۔

51 یا اللہ! مجھے بخش دیجیے، مجھ پر رحم فرمایئے اور مجھے (عافیت) چین اور سکون نصیب فرمایئے اور مجھے روزی عطا فرمایئے۔

52 یا اللہ! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں کم ہمتی سے، سستی و کاہلی سے بزدلی سے، انتہائی بڑھاپے

عَذَابِ النَّارِ ط وَفِتْنَةِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَ
عَذَابِ الْقَبْرِ ط وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ
الْفَقْرِ ط وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَمِنْ
فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ ط وَمِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ
وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ ط وَالْكُفْرِ وَ
الْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَآءِ ط وَمِنَ

سے، قرضہ کے بوجھ سے اور ہر گناہ سے، دوزخ کے عذاب سے اور جہنم کے فتنہ سے اور قبر کے فتنہ سے اور عذاب قبر سے اور مالداری کے برے فتنے سے اور محتاجی کے برے فتنے سے اور مسیح دجال کے برے فتنہ سے اور زندگی و موت کے فتنہ سے اور سخت دلی سے اور غفلت سے اور تنگدستی سے اور ذلت سے اور بے چارگی سے اور کفر سے اور فسق سے اور ہٹ دھرمی سے اور (لوگوں میں) شہرت سے اور دکھاوے (کے لیے عمل کرنے) سے اور بہرہ پن سے اور گونگے

الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ
الْاَسْقَامِ ۖ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَمِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ
وَالْبُخْلِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ ۖ وَمِنْ اَنْ اُرَدَّ
اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ الدُّنْيَا وَمِنْ عِلْمٍ
لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ
لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا ۞ نسائی، بخاری، مسلم

ہونے سے اور دیوانگی سے اور کوڑھ کی بیماری سے اور بری بیماریوں سے اور قرضہ کے بوجھ سے
اور فکر سے اور غم سے اور بخل سے اور لوگوں کے دباؤ سے اور اس سے کہ ناکارہ عمر تک پہنچوں اور
دنیا کے فتنے سے اور اس علم سے جو نفع نہ دے اور اس دل سے جس میں خشوع نہ ہو اور اس
نفس سے جو سیر نہ ہو اور اس دعا سے جو مقبول نہ ہو۔

دوسری منزل

بروز اتوار

ان دعاؤں کے ورد کا زیادہ مناسب طریقہ یہ ہے کہ منزل کے ساتھ اول خطبہ ذیل پڑھیں اور جمعہ سے شروع کر کے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کر دیں احقر کو بھی دعاؤں میں یاد رکھیں تو احسان عظیم ہوگا۔ بندہ محمد شفیع عفی عنہ

خُطْبَةُ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَّاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۞ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ۞ مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۞ وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۞ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ۞ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۞

اے ان سب سے بہتر (ذات) جن سے امید قائم کی جائے اور ان سب سے سخی تر ذات جن سے کچھ مانگا جائے۔ ہم آپ کی تعریف کرتے ہیں کہ آپ نے ہمیں مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ تعالیٰ کے یہاں نزدیکی کا باعث ہے (یہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مانگی ہوئی مبارک دعائیں ہیں (یا اللہ) جب تک مشرق اور مغرب کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر رحمت کاملہ نازل فرمایئے اسکے بعد جو دعائیں آگے آرہی ہیں ہم آپ سے مانگتے ہیں، ہمارا کام مانگنا اور آپ کا کام قبول کرنا اور عطا کرنا ہے (لہٰذا ہماری دعائیں قبول فرمالیجے)

اَلْمَنْزِلُ الثَّانِیْ یَوْمَ الْاَحَدِ

دوسری منزل بروز اتوار

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

1 رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَامْکُرْ لِیْ وَلَا تَمْکُرْ عَلَیَّ ط وَاهْدِنِیْ وَیَسِّرِ الْهُدٰی لِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ ط رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَکَ ذَکَّارًا لَّکَ شَکَّارًا لَّکَ رَهَّابًا لَّکَ مِطْوَاعًا لَّکَ مُطِیْعًا اِلَیْکَ مُخْبِتًا اِلَیْکَ اَوَّاهًا مُّنِیْبًا ط رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ ط وَاَجِبْ

1 اے میرے پروردگار! میری مدد فرما! میرے خلاف (میرے دشمنوں کی) مدد نہ فرما میری حمایت فرما (میرے مخالفین کی) میرے خلاف حمایت نہ فرما، میرے حق میں اپنی لطیف خفیہ تدبیر استعمال فرما، میرے خلاف استعمال نہ فرما مجھے ہدایت عطا فرما اور میرے لیے ہدایت کو آسان فرما، جو کوئی مجھ پر ظلم وزیادتی کرے اسکے مقابلے میں میری مدد فرما۔ اے میرے رب! مجھے خوب ذکر کرنے والا، خوب شکر کرنے والا، اپنے سے بہت ڈرنے والا، سراپا فرمانبردار بنا دیجیے، اپنے حضور عاجزی سے جھکنے والا، نرم دل اور اپنی بارگاہ کی طرف رجوع ہونے والا اور پلٹنے والا بنا دیجئے! اے میرے پروردگار! میری توبہ قبول فرمالیجے، میرے

دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَ اهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ ۞ ترمذی

2 اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَ أَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ ط وَاَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا كُلَّهٗ ۞ ابن ماجہ

3 اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَ نَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ

گناہوں کی میل کچیل کو دھو دیجیے، میری دعا قبول فرمایئے میری حجت (یعنی ایمان کو) مستحکم فرمایئے اور میری زبان ٹھیک چلنے والی بنا دیجیے اور میرے دل کو ہدایت بخش دیجیے اور میرے سینہ سے کینہ، کدورت اور ہر قسم کی کھوٹ نکال دیجیے!

2 یا اللہ! ہمیں بخش دیجیے اور ہم پر رحم فرمایئے اور ہم سے راضی ہو جایئے اور ہمیں بہشت میں داخل کیجیے! اور ہمیں دوزخ سے بچایئے۔ اور ہمارے سب حال درست فرما دیجیے۔

3 یا اللہ! ہمارے دلوں میں الفت ڈال دیجیے اور ہمارے آپس کے (باہمی) تعلقات درست فرمایئے اور ہمیں سلامتی کے راستے دکھایئے اور ہمیں اندھیروں سے نور کی طرف نکال

اِلَى النُّوْرِ ۚ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ
مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ اَسْمَاعِنَا
وَاَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا ۚ
وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۚ
وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ
بِهَا قَابِلِيْهَا وَاَتِمَّهَا عَلَيْنَا ۞ مستدرک حاکم

4 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْاَمْرِ ۚ

لیجیے۔ اور ہمیں بے حیائیوں سے جو ان میں سے ظاہر کی ہوں اور باطن کی ہوں (دونوں سے) الگ رکھیے اور ہمیں ہماری سماعتوں میں، ہماری بینائیوں میں، اور ہمارے دلوں میں اور ہماری بیویوں میں اور ہماری اولاد میں برکت دیجیے اور ہماری توبہ قبول فرمایئے بے شک آپ ہی توبہ قبول کرنے والے (اور) مہربان ہیں اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گذار اور تعریف کرنے والا بنایئے اور نعمتوں کے قابل بنایئے اور انہیں ہم پر پورا فرما دیجیے۔

4 یا اللہ! میں آپ سے امور (دین) میں ثابت قدمی طلب کرتا ہوں

وَاَسْأَلُكَ عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ ؕ وَاَسْأَلُكَ شُكْرَ
نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ ؕ وَاَسْأَلُكَ لِسَانًا
صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِيْمًا وَّخُلُقًا مُّسْتَقِيْمًا
وَّاَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ ؕ وَاَسْتَغْفِرُكَ
مِمَّا تَعْلَمُ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ؕ ترمذی

5 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ ؕ وَمَا اَسْرَرْتُ
وَمَا اَعْلَنْتُ ؕ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ؕ ترمذی

اور آپ سے اعلیٰ درجے کی صلاحیت طلب کرتا ہوں اور آپ سے آپکی نعمتوں کے شکریہ کی توفیق اور حسنِ عبادت مانگتا ہوں۔ اور آپ سے سچی زبان اور قلب سلیم اور صحیح اخلاق مانگتا ہوں اور آپ سے وہ خیر مانگتا ہوں جسکو آپ جانتے ہیں اور آپ سے اس گناہ کی معافی چاہتا ہوں جسکو آپ جانتے ہیں بے شک! آپ ہی ہر پوشیدہ کو جاننے والے ہیں۔

5 یا اللہ! جو کچھ میں نے پہلے کیا اور جو کچھ بعد میں کیا اور جو کچھ میں نے چھپ کر کیا، اور جو کچھ کھلم کھلا کیا اور جو آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں اسکو معاف فرما دیجئے۔

6 اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ
بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ ط وَمِنْ طَاعَتِكَ
مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ ط وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ
بِهٖ عَلَيْنَا مَصَآئِبَ الدُّنْيَا ط وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا
وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا ط وَاجْعَلْهُ
الْوَارِثَ مِنَّا ط وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا
وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا ط وَلَا تَجْعَلْ

6 یا اللہ! آپ ہمیں اپنی خشیت میں سے اتنا حصہ دیجئے کہ وہ ہمارے اور گناہوں کے درمیان حائل ہو جائے۔ اور اپنی فرمانبرداری سے اتنا حصہ عطا فرمائیے کہ اس کے ذریعے سے آپ ہمیں اپنی جنت میں پہنچا دیں اور یقین سے اتنا حصہ (عطا فرمائیے) کہ اس سے آپ ہم پر دنیا کی مصیبتیں آسان کر دیں اور ہماری سماعتوں اور ہماری بینائیوں اور ہماری قوت کو (اس وقت تک) کارآمد رکھیے جب تک آپ ہمیں زندہ رکھیں اور انکی خیر کو ہمارے بعد (بھی) باقی رکھیے اور جو ہم پر ظلم کرے اس سے ہمارا بدلہ لے لیجئے اور جو ہم سے دشمنی کرے اس پر ہمیں غلبہ عطا فرمائیے اور ہمارے دین میں

مُصِيبَتَنَا فِي دِينِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا ۞ ترمذی

7 اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَأَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَأَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَآثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَأَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا ۞ ابن ماجہ

8 اَللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِي رُشْدِي ۞ مستدرک حاکم

9 اَللّٰهُمَّ قِنِي شَرَّ نَفْسِي وَاعْزِمْ لِي عَلَى رُشْدِ

ہمارے لیے مصیبت نہ ڈالیے اور دنیا کو ہمارا مقصودِ اعظم نہ بنائیے اور نہ ہماری معلومات کی انتہا اور نہ ہماری رغبت کی منزلِ مقصود (بنائیے) اور ہم پر (اس) شخص کو مسلط نہ کیجیے جو ہم پر رحم نہ کرے۔

7 یا اللہ! ہمیں (راحتوں اور نعمتوں کے لحاظ سے) بڑھائیے گھٹائیے نہیں اور ہمیں عزت دیجیے ذلیل نہ فرمائیے اور ہمیں عطا فرمائیے اور محروم نہ رکھیے اور ہمیں (فضیلت دے کر) بڑھائے رکھیے اور دوسروں کو ہم پر نہ بڑھائیے اور ہمیں خوش رکھیے اور ہم سے راضی ہو جائیے۔

8 یا اللہ! میرے دل میں میری سعادت ڈال دیجیے!

9 یا اللہ! مجھے میرے نفس کی برائی سے محفوظ رکھیے اور مجھے میرے امور کی اصلاح کی ہمت

اَمْرِیْ ۞ اَسْئَلُ اللّٰہَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَۃِ ۞ ترمذی

10 اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْکَ الْمُنْکَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاکِیْنِ ط وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ ط وَاِذَآ اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَۃً فَتَوَفَّنِیْ غَیْرَمَفْتُوْنٍ ط وَاَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ ط وَحُبَّ عَمَلٍ یُّقَرِّبُ اِلٰی حُبِّکَ ۞ مستدرک حاکم

دیجیے میں اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت دونوں میں عافیت مانگتا ہوں

10 یا اللہ! میں آپ سے نیکیوں کے کرنے کی توفیق مانگتا ہوں اور برائیوں کے چھوڑنے کی اور غریبوں کی محبت کی اور یہ کہ آپ مجھے بخش دیں اور مجھ پر رحم فرمائیں اور آپ جب کسی جماعت پر بلا (مصیبت) نازل کرنے کا ارادہ کریں تو مجھے اٹھا لیجیے قبل اس کے کہ میں اس مصیبت میں پڑوں اور میں آپ سے آپکی محبت مانگتا ہوں اور اس شخص کی محبت (بھی مانگتا ہوں) جو آپ سے محبت رکھتا ہے اور اس عمل کی محبت (بھی طلب کرتا ہوں) جو آپکی محبت سے قریب کردے۔

11 اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَّفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ ۞ ترمذی

12 اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنِيْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ ۞ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا رَزَقْتَنِيْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ ۞ اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَيْتَ عَنِّيْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ ۞ ترمذی

13 يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ ۞ مستدرک حاکم

11 یا اللہ! مجھے اپنی محبت میری جان سے اور میرے گھر والوں سے اور ٹھنڈے پانی سے بھی بڑھ کر محبوب کردے۔

12 یا اللہ! مجھے اپنی محبت نصیب فرما اور اس شخص کی محبت (بھی عطا فرما) جس کی محبت آپ کے نزدیک میرے حق میں نافع ہو۔ یا اللہ! جس طرح آپ نے مجھے وہ عطا کیا ہے جو آپکو پسند ہے اسے میرا مددگار بھی اس کام میں بنا دیجئے جو آپ کو پسند ہے۔ یا اللہ! جو کچھ دور رکھا ہے آپ نے مجھ سے ان چیزوں میں سے جو مجھ کو پسند ہیں آپ اسے میرے حق میں ان چیزوں کے لیے موجب فراغت بنا دیجئے جو آپکو پسند ہیں۔

13 اے دلوں کے پلٹنے والے (آقا) میرا دل اپنے دین پر مضبوط رکھیے۔

14 اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْاَلُكَ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَنَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیٓ اَعْلٰى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ۔ مستدرک حاکم

15 اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْاَلُكَ صِحَّةً فِیٓ اِيْمَانٍ وَّاِيْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَّنَجَاحًا تُتْبِعُهٗ فَلَاحًا وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا۔ مستدرک حاکم

16 اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا يَنْفَعُنِیْ۔ مستدرک حاکم

14 یا اللہ! میں آپ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں کہ پھر نہ پھرے اور ایسی نعمتیں (طلب کرتا ہوں) جو کہ ختم نہ ہوں اور اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رفاقت (خدمت) مانگتا ہوں بلند ترین مقام یعنی جنتِ خلد میں۔

15 یا اللہ! میں آپ سے تندرستی مانگتا ہوں ایمان کے ساتھ اور ایمان (مانگتا ہوں) حسنِ اخلاق کے ساتھ اور کامیابی (مانگتا ہوں) جیسے آپ مجھے فلاح بھی دیں اور آپکی طرف سے رحمت و عافیت اور مغفرت (بخشش) (مانگتا ہوں) اور آپکی خوشنودی (مانگتا ہوں)

16 یا اللہ! آپ نے جو علم مجھے عطا فرمایا ہے اس سے مجھے نفع دیجئے اور مجھے وہ علم عطا کیجئے جو مجھے نفع دے۔

17 اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ
اَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّيْ ۚ وَتَوَفَّنِيْ
اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ ۚ وَاَسْأَلُكَ
خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ وَكَلِمَةَ
الْاِخْلَاصِ فِي الرِّضٰى وَالْغَضَبِ ۚ وَاَسْأَلُكَ
نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ ۚ وَاَسْأَلُكَ
الرِّضَآءَ بِالْقَضَآءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ ۚ

17 یا اللہ! بوسیلہ اپنے عالم الغیب ہونے کے اور (بوسیلہ) مخلوق پر قادر ہونے کے مجھے زندہ رکھیے جب تک آپکے علم میں زندگی میرے حق میں بہتر ہو اور مجھے اٹھا لیجئے جب آپکے علم میں میرے حق میں موت بہتر ہو اور میں آپ سے آپ کا خوف (ڈر) طلب کرتا ہوں غائب و حاضر میں اور اخلاص کی بات (طلب کرتا ہوں) حالتِ عیش وطیش میں اور آپ سے ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو اور ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک مانگتا ہوں جو جانے نہ پائے اور میں آپ سے مانگتا ہوں آپکے حکم (تکوینی) پر رضا مند رہنا اور موت کے بعد خوش عیش اور آپکے دیدار کی لذت (ومزہ) اور آپ کے (دیدو) ملاقات کا شوق مانگتا ہوں اور (یا اللہ!) میں آپکی ذات

وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَآئِكَ ط
وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ ❁
اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً
مُّهْتَدِيْنَ ❁ مستدرک حاکم

18 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ
وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ط ❁ مستدرک حاکم

19 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَاَلَكَ عَبْدُكَ
وَنَبِيُّكَ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ

کے ذریعے سے پناہ مانگتا ہوں تکلیف دینے والی مصیبت اور گمراہ کردینے والی بلا سے۔ اے اللہ! ہمیں ایمان کی زینت سے آراستہ کردیجئے اور ہمیں راہنما اور راہ یاب بنا دیجئے!

18 یا اللہ میں آپ سے بھلائی مانگتا ہوں سب کی سب فوری اس وقت کی بھی اور آئندہ کی بھی ا ہمیں سے بھی جسکا مجھے علم ہے اور ا ہمیں سے بھی جس کا علم مجھے نہیں ہے۔

19 یا اللہ! میں آپ سے بھلائی مانگتا ہوں جو آپ سے آپکے بندہ اور نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے مانگی۔ یا اللہ! میں آپ سے جنت مانگتا ہوں اور جو چیز بھی اس (جنت) کے قریب کرنے والی ہو۔

اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ ط وَاَسْأَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَآءٍ لِّي خَيْرًا ۞ وَاَسْأَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِي مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا ۞ مستدرک حاکم

20 اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا ط وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ ۞ کنز العمال

21 اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَآئِمًا وَّاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا ط وَاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا ط

قول سے ہو یا عمل سے اور میں آپ سے یہ مانگتا ہوں کہ اپنے ہر حکم تکوینی کو میرے حق میں بہتر فرمادے۔ اور میں آپ سے یہ مانگتا ہوں کہ جو کچھ آپ میرے حق میں جاری کریں اسکے انجام کو (میرے لیے) سعادت (بھلائی) بنا دیجئے۔

20 یا اللہ! تمام کاموں میں ہمارا انجام اچھا کر دیجئے اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھیئے۔

21 یا اللہ! مجھے اسلام کے ساتھ قائم رکھیئے کھڑے ہوئے (بھی) اور اسلام کے ساتھ قائم رکھیئے بیٹھے ہوئے اور لیٹے ہوئے (بھی)

وَلَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا ۞ اَللّٰهُمَّ
اِنِّیْ اَسْاَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ ۞
وَاَسْاَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِیْ هُوَ بِيَدِكَ كُلِّهٖ ۞
22 اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْۢبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا
اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ وَلَا حَاجَةً
مِّنْ حَوَآئِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ طبرانی

اور مجھ پر نہ کسی دشمن کو اور نہ کسی حاسد کو طعنہ کا موقع دیجئے یا اللہ! میں آپ سے سب بھلائیاں مانگتا ہوں جن کے خزانے آپ کے قبضہ وقدرت میں ہیں اور آپ سے وہ بھلائی بھی مانگتا ہوں جو تمام تر آپ ہی کے قبضے میں ہے۔

22 یا اللہ! ہمارا کوئی (ایسا) گناہ نہ چھوڑیے جسے آپ بخش نہ دیں اور کوئی (ایسی) تشویش جسے آپ دور نہ کردیں اور نہ کوئی (ایسا) قرضہ جسے آپ ادا نہ کرلیں اور نہ دنیا و آخرت کی حاجتوں میں سے کوئی ایسی حاجت جسے آپ پوری نہ فرمادیں اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے!

23 اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ۞ ابوداؤد

24 اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِىْ بِمَا رَزَقْتَنِىْ وَبَارِكْ لِىْ فِيْهِ ط وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ غَائِبَةٍ لِّىْ بِخَيْرٍ ۞ مستدرک حاکم

25 اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْأَلُكَ عِيْشَةً نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً ط وَّمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزِىٍّ وَّلَا فَاضِحٍ ۞ مستدرک حاکم

26 اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِىْ رِضَاكَ ضَعْفِىْ ط

23 یا اللہ! ہماری امداد فرمایئے ذکر اور اپنے شکر اور اپنی حسنِ عبادت پر۔

24 یا اللہ! مجھے قناعت دیجیے اس میں جو آپ نے مجھے عطا فرمایا ہے اور اس میں میرے لیے برکت دیجیے اور ہر اس چیز میں جو میرے سامنے نہیں ہے آپ نگراں رہیے خیریت کے ساتھ۔

25 یا اللہ! میں آپ سے پاکیزہ زندگی اور ڈھنگ کی موت مانگتا ہوں اور ایسی مراجعت جس میں میرے لیے ذلت ورسوائی نہ ہو۔

26 یا اللہ! میں کمزور ہوں پس اپنی مرضیات میں میرا ضعف قوت سے بدل دیجیے۔

وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ
مُنْتَهٰى رِضَائِيْ وَاِنِّيْ ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِيْ وَاِنِّيْ
فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِيْ ۝ مستدرک حاکم

27 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ خَيْرَ الْمَسْاَلَةِ وَخَيْرَ
الدُّعَآءِ وَخَيْرَ النَّجَاحِ وَخَيْرَ الْعَمَلِ وَخَيْرَ
الثَّوَابِ وَخَيْرَ الْحَيٰوةِ وَخَيْرَ الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِيْ
وَثَقِّلْ مَوَازِيْنِيْ وَحَقِّقْ اِيْمَانِيْ وَارْفَعْ

اور زبردستی مجھے خیر کی طرف لے جایئے اور اسلام کو میری پسند کی منتہی بنا دیجئے (یا اللہ!) میں ذلیل ہوں مجھے عزت دیجئے اور میں محتاج ہوں مجھے رزق عطا فرمایئے۔

27 یا اللہ! میں آپ سے بہترین سوال اور بہترین دعا اور سب سے اچھی کامیابی اور سب سے اچھا عمل اور سب اچھا ثواب مانگتا ہوں اور سب سے اچھی زندگی اور سب سے اچھی موت مانگتا ہوں اور (یا اللہ!) مجھے ثابت قدم رکھیے اور میری نیکیوں کا پلہ بھاری کر دیجئے اور میرے ایمان کو سچا کر دیجئے اور میرا درجہ بلند فرما دیجئے۔

دَرَجَتِیْ وَتَقَبَّلْ صَلَاتِیْ ط وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ
الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ ط اٰمِیْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ
فَوَاتِحَ الْخَیْرِ وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ ط وَاَوَّلَهٗ
وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ
خَیْرَ مَآ اٰتِیْ ط وَخَیْرَ مَآ اَفْعَلُ وَخَیْرَ مَآ اَعْمَلُ ط
وَخَیْرَ مَا بَطَنَ وَخَیْرَ مَا ظَهَرَ ۞ مستدرک حاکم

28 اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ كِبَرِ

اور میری نماز کو قبول فرمائیے اور میں آپ سے جنت کے بلند درجے مانگتا ہوں آمین! یا اللہ! میں آپ سے بھلائی کی ابتدا میں مانگتا ہوں اور انتہا میں اور خیر کی جامع چیزیں اور خیر کا اول بھی اور خیر کا آخر بھی اور خیر کا ظاہر بھی اور خیر کا باطن بھی یا اللہ! میں ان چیزوں کی آپ سے بھلائی مانگتا ہوں جن کو انجام دوں اور میں آپ سے خیر مانگتا ہوں اپنے ہر اس کام میں جسے اعضاء سے کروں یا دل سے کروں اور میں (مانگتا ہوں) اسکی خیر بھی جو پوشیدہ ہے اور اسکی خیر بھی جو ظاہر ہے۔

28 یا اللہ! میرا رزق خوب فراخ فرما دیجئے میرے بڑھاپے میں۔

سِنِّیْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِیْ ۞ مستدرک حاکم

29 وَاجْعَلْ خَيْرَ عُمُرِيْ اٰخِرَهٗ وَخَيْرَ عَمَلِيْ خَوَاتِيْمَهٗ ط وَخَيْرَ اَيَّامِيْ يَوْمَ اَلْقَاكَ فِيْهِ ط يَا وَلِيَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ ثَبِّتْنِيْ بِهٖ حَتّٰٓى اَلْقَاكَ ۞ اَسْاَلُكَ غِنَايَ وَغِنَا مَوْلَايَ ط طبرانی

30 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ سُوْٓءِ الْعُمُرِ وَ فِتْنَةِ الصَّدْرِ ط وَاَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اور میری عمر کے ختم ہونے کے وقت۔

29 (یا اللہ!) میری عمر کا بہترین حصہ اس کا آخری حصہ کر دیجئے اور میرا بہترین عمل سب سے آخری عمل بنا دیجئے اور میرا بہترین دن وہ بنا دیجئے جسمیں میں آپ سے ملوں، اے اسلام اور اہل اسلام کے مددگار مجھے اسلام پر ثابت قدم رکھیئے یہاں تک کہ میں آپ سے مل جاؤں۔ میں آپ سے طلب کرتا ہوں اپنی اور اپنے متعلقین کی سیر چشمی۔

30 یا اللہ! میں آپکی پناہ مانگتا ہوں بُری عمر سے اور دل کے فتنے سے اور آپکی پناہ مانگتا ہوں بوسیلہ آپکی عزت کے کہ کوئی معبود نہیں بجز آپکے۔

اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِیْ ط وَمِنْ جُهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ ط وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ ط وَمِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ ط وَمِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْلَمْ ط وَمِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ ط وَفُجَآءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ ط وَمِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ ط وَمِنْ شَرِّ

کہ آپ مجھے گمراہ کریں اور بلا کی سختیوں سے اور پناہ مانگتا ہوں بدقسمتی کے حصول سے اور بری تقدیر سے اور دشمنوں کے طعنے سے اور اس کام کی برائی سے جو میں نے کیا ہے اور اسکی برائی سے جو میں نے نہیں کیا اور اس چیز کی برائی سے جو مجھے معلوم ہے اور اس چیز کی برائی سے جو مجھے معلوم نہیں ہے اور (پناہ مانگتا ہوں) آپکی نعمت کے جاتے رہنے سے اور آپکے امن کے پلٹ جانے سے اور آپکے عذاب کے اچانک آجانے سے اور آپکی تمام ناراضگیوں سے اور اپنی سماعت کی خرابی سے اور اپنی بینائی کی خرابی سے اور اپنی زبان کی خرابی سے۔

لِسَانِیْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ ط وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ ط
وَمِنَ الْفَاقَةِ وَمِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ ط وَ
مِنَ الْهَدْمِ وَمِنَ التَّرَدِّیْ ط وَمِنَ الْغَرَقِ
وَالْحَرَقِ ط وَاَنْ یَّتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطَانُ
عِنْدَ الْمَوْتِ ط وَمِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ
سَبِیْلِكَ مُدْبِرًا وَّاَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا ۝ (نسائی)

اور اپنے دل کی خرابی سے اور اپنی منی کی برائی سے اور فاقہ سے اور اس سے کہ میں کسی پر زیادتی کروں یا کوئی مجھ پر زیادتی کرے اور (پناہ طلب کرتا ہوں) کسی چیز کے میرے اوپر گر جانے سے اور میرے کسی چیز پر گر پڑنے سے اور ڈوب جانے سے اور جل جانے سے اور اس سے کہ شیطان مجھے موت کے وقت گڑبڑ میں ڈال دے اور اس سے کہ میں جہاد سے بھاگتا ہوا مروں اور اس سے کہ میں زہریلے جانور کے ڈسنے سے مروں۔

تیسری منزل

بروز پیر

ان دعاؤں کے ورد کا زیادہ مناسب طریقہ یہ ہے کہ منزل کے ساتھ اول خطبہ ذیل پڑھیں اور ہفتہ سے شروع کر کے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کر دیں احقر کو بھی دعا میں یاد رکھیں تو احسان عظیم ہوگا۔ بندہ محمد شفیع عفی عنہ

خُطْبَةُ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُ لَكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۞ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ۞ مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۞ وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۞ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ۞ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۞

اے ان سب سے بہتر (ذات) جن سے امید قائم کی جائے اور ان سب سے سخی تر ذات جن سے کچھ مانگا جائے۔ ہم آپ کی تعریف کرتے ہیں کہ آپ نے ہمیں مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ تعالیٰ کے یہاں نزدیکی کا باعث ہے (یہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مانگی ہوئی مبارک دعائیں ہیں (یا اللہ) جب تک مشرق اور مغرب کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت کاملہ نازل فرمایئے اسکے بعد جو دعائیں آگے آرہی ہیں ہم آپ سے مانگتے ہیں، ہمارا کام مانگنا اور آپ کا کام قبول کرنا اور عطا کرنا ہے (لہٰذا ہماری دعائیں قبول فرمالیجے)

اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ

تیسری منزل بروز پیر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1 اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِىْ شَكُوْرًا ؕ وَّاجْعَلْنِىْ فِىْ عَيْنِىْ صَغِيْرًا وَّ فِىْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا ؕ كنز العمال

2 اَللّٰهُمَّ ضَعْ فِىْ اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَزِيْنَتَهَا وَسَكَنَهَا ؕ وَلَا تَحْرِمْنِىْ بَرَكَةَ مَآ اَعْطَيْتَنِىْ وَلَا تَفْتِنِّىْ فِيْمَآ اَحْرَمْتَنِىْ ؕ كنز العمال

3 اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِىْ فَاَحْسِنْ خُلُقِىْ ؕ وَ

1 یا اللہ! مجھے بڑا صبر کرنے والا، بڑا شکر کرنے والا بنا دیجئے اور مجھے اپنی نظر میں چھوٹا اور دوسروں کی نظر میں بڑا بنا دیجئے۔

2 یا اللہ! ہمارے ملک میں برکت شادابی اور امن رکھ دیجئے اور جو کچھ مجھے آپنے عطا فرمایا ہے اسکی برکت سے مجھے محروم نہ رکھیے اور جس چیز سے آپنے مجھے (کسی مصلحت سے) محروم رکھا ہے اسکے بارے میں مجھے فتنہ میں نہ ڈالیے۔

3 یا اللہ! آپنے میرے صورت اچھی بنائی ہے تو میری سیرت بھی اچھی بنا دیجئے اور میرے

اَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِيْ وَاَجِرْنِيْ مِنْ مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا اَحْيَيْتَنَا ۞ مسند احمد

4 اَللّٰهُمَّ لَقِّنِيْ حُجَّةَ الْاِيْمَانِ عِنْدَ الْمَمَاتِ ۞ طبرانی

5 رَبِّ اَسْاَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ ۞ مسلم

6 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ وَفَتْحَهٗ وَنَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ وَهُدَاهُ ۞ ابوداؤد

دل کے غصے کو دور کر دیجئے اور جب تک آپ ہمیں زندہ رکھیں مجھے گمراہ کرنے والے فتنوں سے بچائے رکھیے۔

4 یا اللہ! مجھے موت کے وقت ایمان کی حجت تلقین کر دیجئے۔

5 اے میرے پروردگار! میں آپ سے اس چیز کی بھلائی مانگتا ہوں جو آج کے دن میں ہو اور اس چیز کی بھلائی جو اس کے بعد ہو۔

6 یا اللہ! میں آپ سے آج کے دن کی بھلائی مانگتا ہوں اور اس کی فتح اور اسکی کامیابی اور اس کا نور اور اس کی برکت اور اسکی ہدایت (مانگتا ہوں)

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ؀ مصنف ابن ابی شیبہ

11 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاخْسَأْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَثَقِّلْ مِيْزَانِيْ ط وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْاَعْلٰى ؀ ابوداود

12 اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ ؀ ابوداود

13 اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَآ اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَمَآ اَقَلَّتْ ط وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَ

بھلائی چاہتا ہوں اے سب سے بڑے مہربان۔

11 یا اللہ! میرے گناہ معاف فرما دیجئے اور میرے شیطان کو دور کر دیجئے اور میرا بند کھول دیجئے (یعنی جو چیزیں مجھے گناہوں میں جکڑے ہوئے ہیں ان سے مجھے آزاد کر دیجئے) اور میرا پلہ (میزان عمل) بھاری کر دیجئے اور مجھے طبقہ اعلیٰ (یعنی اپنے مقبول بندوں) میں (شمار) کر لیجئے۔

12 یا اللہ! جس دن آپ اپنے بندوں کو اٹھائیں (اس روز) مجھے اپنے عذاب سے بچانا۔

13 یا اللہ! اور اے پروردگار! ساتوں آسمانوں کے اور ہر اس چیز کے جس پر ان کا سایہ ہے اور اے پروردگار! زمینوں کے اور ہر اس چیز کے جسے وہ اٹھائے ہوئے ہیں اور اے پروردگار

مَا اَضَلَّتْ كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ

اَجْمَعِيْنَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ اَنْ

يَّطْغٰى عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ ۞ طبرانی وابن ابی شیبہ

14 لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ لَا شَرِيْكَ لَكَ سُبْحَانَكَ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَاَسْاَلُكَ

رَحْمَتَكَ ۞ ابوداؤد

15 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ

شیطانوں کے اور ہر اس چیز کے جس کو انہوں نے گمراہ کیا ہے میرے نگہبان رہیے تمام مخلوق کی برائی سے اس سے کہ کوئی ان میں سے مجھ پر ظلم یا زیادتی کرے (اور) محفوظ آپ ہی کا پناہ دیا ہوا ہے اور آپ کا نام بابرکت ہے۔

14 کوئی معبود نہیں سوائے آپکے کوئی آپکا شریک نہیں ہے آپ پاک ہیں یا اللہ! میں آپ سے ہر گناہ کی معافی چاہتا ہوں اور آپ سے رحمت طلب کرتا ہوں۔

15 یا اللہ! مجھے میرے گناہ بخش دیجئے اور مجھے میرے گھر میں وسعت دیجئے۔

وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ ﴿﴾ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ
التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿﴾ ترمذی
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَعَافِنِيْ وَ
اِهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ ﴿﴾
16 اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَصَرِيْ
نُوْرًا وَّفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَّعَنْ يَّمِيْنِيْ نُوْرًا وَّعَنْ
شِمَالِيْ نُوْرًا وَّخَلْفِيْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِيْ

اور مجھے میرے رزق میں برکت عطا فرمایئے۔ یا اللہ! مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں کر دیجئے اور بہت پاک وصاف لوگوں میں کر دیجئے۔ یا اللہ! مجھے بخش دیجئے اور مجھے ہدایت عطا فرمایئے اور مجھے رزق عطا فرمایئے اور مجھے عافیت دیجئے (یا اللہ!) جس چیز کے حق ہونے میں اختلاف ہوا ہے میں مجھے اپنے حکم سے راہِ صواب دکھا دیجئے۔

16 (یا اللہ!) میرے دل میں نور کر دیجئے، میری بینائی میں، میری سماعت میں نور کر دیجئے، میرے دائیں طرف اور میرے بائیں طرف نور کر دیجئے، میرے پیچھے اور میرے سامنے نور کر

نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَفِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا وَ فِیْ لَحْمِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ دَمِیْ نُوْرًا وَفِیْ شَعْرِیْ نُوْرًا وَ فِیْ بَشَرِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا ط وَّ اجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّ اَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَ اجْعَلْنِیْ نُوْرًا وَّ اجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَ مِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا ؕ اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا ؕ صحیحین

17 اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ط وَسَھِّلْ لَنَا

دیجئے اور میرے لیے ایک خاص نور کر دیجئے اور میرے پٹھوں اور میرے گوشت میں نور کر دیجئے اور میرے خون میں اور میرے بالوں میں نور کر دیجئے، میری جلد میں اور میری زبان میں اور میری جان میں نور کر دیجئے اور مجھے نورِ عظیم عطا کیجئے اور مجھے سراپا نور کر دیجئے اور میرے اوپر اور میرے نیچے نور کر دیجئے۔ یا اللہ! مجھے نور عطا فرمایئے۔

17 یا اللہ! ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دیجئے اور اپنے رزق کے دروازے ہمارے

اَبْوَابَ رِزْقِكَ ؕ ابن ماجہ

18 اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّيْطَانِ ؕ نسائی

19 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ ؕ مسلم

20 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطَايَایَ وَذُنُوْبِیْ كُلَّهَا ؕ اَللّٰهُمَّ
اَنْعِشْنِیْ وَاَحْیِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَاهْدِنِیْ لِصَالِحِ
الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ ؕ اِنَّهٗ لَا يَهْدِیْ لِصَالِحِهَا
وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ ؕ مستدرک حاکم

لیے آسان کر دیجیے۔

18 یا اللہ! مجھے شیطان سے محفوظ رکھیے۔

19 یا اللہ! میں آپ سے آپ کا فضل و کرم طلب کرتا ہوں۔

20 یا اللہ! میری تمام خطائیں اور قصور بخش دیجیے۔ یا اللہ! مجھے بلندی دیجیے اور مجھے زندہ رکھیے اور مجھے رزق دیجیے اور مجھے اچھے اعمال اور اخلاق کی طرف ہدایت دیجیے، بے شک اللہ خوش اعمالیوں کی طرف کوئی رہبری کرتا ہے اور نہ بد اعمالیوں سے بچاتا ہے سوائے آپ کے۔

21 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا ۞ طبرانی

22 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِیْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُكَ اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَلَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ

21 یا اللہ! میں آپ سے پاک رزق طلب کرتا ہوں اور کارآمد (نفع دینے والا) علم اور مقبول عمل طلب کرتا ہوں۔

22 یا اللہ! میں آپ کا بندہ ہوں اور آپکے بندے کا بیٹا ہوں اور آپکی بندی کا بیٹا ہوں، ہمہ تن آپکے قبضے میں ہوں، میرے بارے میں آپکا حکم نافذ ہے، میرے بارے میں آپکا فیصلہ عین عدل ہے، میں آپ سے ہر (اس) نام کے واسطے سے جس سے آپنے اپنی ذات کو موسوم (موصوف) کیا ہے یا اس کو اپنی کتاب میں اتارا ہے یا اسے اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے

بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَكَ ۙ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ
الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَجَلَآءَ
حُزْنِیْ وَذَهَابَ هَمِّیْ ۞ طبرانی

23 اَللّٰهُمَّ اِلٰهَ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْكَآئِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ ۙ
وَاِلٰهَ اِبْرَاهِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ عَافِنِیْ ۙ
وَلَا تُسَلِّطَنَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ عَلَیَّ بِشَیْءٍ
لَا طَاقَةَ لِیْ بِهٖ ۞ مصنف ابن ابی شیبہ

یا اسے اپنے پاس (علم) غیب ہی میں رہنے دیا ہے درخواست کرتا ہوں کہ قرآنِ عظیم کو میرے دل کی بہار بنا دیجئے اور (اسکو) میری آنکھ کا نور اور میرے غم کی کشادگی اور میری فکر کا دفعیہ بنا دیجئے۔

23 یا اللہ! جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے معبود اور ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق کے معبود! مجھے عافیت دیجئے اور میرے اوپر اپنی مخلوق میں سے کسی کو ایسی چیز کے ساتھ مسلط نہ کیجئے جسکی مجھ میں برداشت نہ ہو۔

24 اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ ط وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۞ ترمذی

25 اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَرٰى مَكَانِيْ ط وَتَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ ط لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَيْءٌ مِّنْ اَمْرِيْ ط وَاَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِيْرُ الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِيْ ط اَسْاَلُكَ مَسْاَلَةَ

24 یا اللہ! مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام روزی سے بچا لیجئے اور اپنے فضل و کرم سے مجھے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دیجئے۔

25 یا اللہ! آپ میری بات کو سنتے ہیں اور میری جگہ کو دیکھتے ہیں اور میرے پوشیدہ اور ظاہر کو جانتے ہیں۔ آپ سے میری کوئی بات چھپی نہیں رہ سکتی، میں مصیبت زدہ ہوں، محتاج ہوں، فریادی ہوں، پناہ جو ہوں، ترساں ہوں، ہراساں ہوں، اپنے گناہ کا اقرار کرنے والا ہوں، اعتراف کرنے والا (ماننے والا) ہوں، آپکے آگے سوال کرتا ہوں جیسے بیکس سوال کرتے

الْمِسْكِيْنِ ۝ وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ ابْتِهَالَ الْمُذْنِبِ
الذَّلِيْلِ ۝ وَاَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْخَآئِفِ الضَّرِيْرِ وَ
دُعَآءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ ۝ وَفَاضَتْ
لَكَ عَبْرَتُهٗ ۝ وَذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ ۝ وَرَغِمَ لَكَ
اَنْفُهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ بِدُعَآئِكَ شَقِيًّا
وَّكُنْ بِيْ رَءُوْفًا رَّحِيْمًا يَّا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ
وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَشْكُوْا

ہیں، میں آپکے آگے گڑگڑاتا ہوں جیسے گناہ گار ذلیل وخوار گڑگڑاتا ہے اور میں آپ سے نابینا خوفزدہ کی طرح مانگتا ہوں اور جیسے وہ شخص طلب کرتا ہے جسکی گردن آپ کے سامنے جھکی ہوئی ہو اور آنسو بہ رہے ہوں اور تن بدن سے وہ آپکے آگے عاجزی کیے ہوئے ہو اور اپنی ناک آپکے سامنے رگڑ رہا ہو۔ یا اللہ! آپ مجھے اپنے سے دعا مانگنے میں ناکام نہ رکھیے اور میرے حق میں بڑے مہربان نہایت رحم والے ہو جایئے، اے سب سے بہتر وہ ذات جس سے مانگا جائے۔ اے سب دینے والوں سے بہتر! یا اللہ! میں آپ ہی سے اپنی قوت کی کمزوری کا اور اپنی کم سامانی کا اور لوگوں کی نظر میں اپنی کم وقعتی کا شکوہ کرتا ہوں، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے

ضُعْفَ قُوَّتِیْ وَقِلَّةَ حِیْلَتِیْ ط وَهَوَانِیْ عَلَی النَّاسِ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اِلٰی مَنْ تَكِلُنِیْٓ اِلٰی عَدُوٍّ یَّتَهَجَّمُنِیْٓ اَمْ اِلٰی قَرِیْبٍ مَّلَّكْتَهٗٓ اَمْرِیْ ط اِنْ لَّمْ تَكُنْ سَاخِطًا عَلَیَّ فَلَآ اُبَالِیْ غَیْرَ اَنَّ عَافِیَتَكَ اَوْسَعُ لِیْ ۞ کنز العمال

26 اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ قُلُوْبًا اَوَّاهَةً مُّخْبِتَةً مُّنِیْبَةً فِیْ سَبِیْلِكَ ۞ کنز العمال

والے! آپ مجھے کس کے سپرد کرتے ہیں؟ کسی دشمن کے جو مجھے دبائے (مجھ پر سینہ زوری کرے) یا کسی دوست کے جسکے قبضے میں میرے سب کام دے رہے ہیں، اگر آپ مجھ سے ناخوش نہ ہوں تو مجھے ان (میں سے کسی چیز کی) پرواہ نہیں ہے مگر پھر بھی آپکی دی ہوئی عافیت میں میرے لیے زیادہ گنجائش ہے۔

26 یا اللہ! ہم آپ سے ایسے دل مانگتے ہیں جو بہت اثر قبول کرنے والے ہوں، بہت عاجزی کرنے والے ہوں، بہت رجوع کرنے والے ہوں آپکی راہ میں۔

27 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا یُّبَاشِرُ قَلْبِیْ وَیَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا یُصِیْبُنِیْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِیْ ط وَرِضًی مِّنَ الْمَعِیْشَةِ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ ۞ کنز العمال

28 اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِیْ تَقُوْلُ وَخَیْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ ۞ کتاب الاذکار للنووی

29 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ

27 یا اللہ! میں آپ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں پیوست ہو جائے اور وہ پختہ یقین (مانگتا ہوں) جس سے میں سمجھ لوں کہ مجھ تک کوئی چیز نہیں پہنچ سکتی مگر وہی جو آپ میرے لیے لکھ چکے ہیں اور اس چیز پر رضامندی (مانگتا ہوں) جو آپ نے معاش میں سے میرے حصہ میں کر دی ہے۔

28 یا اللہ! آپ کے لیے کل تعریف ہے جیسی کہ آپ فرماتے ہیں اور اس سے بڑھ کر جو ہم کہتے ہیں۔

29 یا اللہ! میں ناپسندیدہ اخلاق اور اعمال اور نفسانی خواہشوں اور بیماریوں سے آپکی پناہ

الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ ؕ
وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ
مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؕ وَمِنْ
جَارِ السُّوْٓءِ فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ فَاِنَّ جَارَ
الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ ؕ وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ وَشَمَاتَةِ
الْاَعْدَآءِ وَمِنَ الْجُوْعِ ؕ فَاِنَّهٗ بِئْسَ
الضَّجِيْعُ وَمِنَ الْخِيَانَةِ فَبِئْسَتِ الْبِطَانَةُ ؕ

میں آتا ہوں اور ہم اس چیز سے آپکی پناہ میں آتے ہیں جس سے آپکے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی ہے (اور ہم پناہ مانگتے ہیں) مستقل قیام گاہ میں برے پڑوسی سے کیونکہ سفر کا ساتھی تو چل ہی دیتا ہے (اور پناہ مانگتے ہیں) دشمن کے غلبے سے اور دشمنوں کے طعنے سے اور بھوک سے کہ وہ بری ہم خواب ہے اور خیانت سے کہ وہ بری ہم راز ہے اور (پناہ مانگتے ہیں)

وَاَنْ نَّرْجِعَ عَلٰٓى اَعْقَابِنَآ اَوْ نُفْتَنَ عَنْ دِيْنِنَا ۚ وَمِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَمِنْ يَّوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ لَّيْلَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْٓءِ ۞ ترمذی

اس سے کہ ہم پچھلے پیروں لوٹ جائیں یا فتنہ میں پڑ کر دین سے الگ ہو جائیں۔ اور (ہم پناہ مانگتے ہیں) سارے فتنوں سے جو ظاہری ہوں یا باطنی اور پناہ مانگتے ہیں برے دن سے اور بری رات سے اور بری گھڑی سے اور برے ساتھی سے۔

چوتھی منزل

بروز منگل

ان دعاؤں کے ورد کا زیادہ مناسب طریقہ یہ ہے کہ منزل کے ساتھ اول خطبہ ذیل پڑھیں اور جمعہ سے شروع کر کے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کر دیں احقر کو بھی دعا میں یاد رکھیں تو احسان عظیم ہوگا۔ بندہ محمد شفیع عفی عنہ

خُطْبَۃُ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰہِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُ لَكَ یَا خَیْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَاَکْرَمَ مَسْئُوْلٍ
عَلٰی مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاۃِ الْمَقْبُوْلِ مِنْ
قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰہِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ فَصَلِّ
عَلَیْہِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۞ وَانْشَعَبَتِ
الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۞ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا
سَنَقُوْلُ ۞ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۞

اے ان سب سے بہتر (ذات) جن سے امید قائم کی جائے اور ان سب سے سخی تر ذات جن سے کچھ مانگا جائے۔ ہم آپ کی تعریف کرتے ہیں کہ آپ نے ہمیں مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ تعالیٰ کے یہاں نزدیکی کا باعث ہے (یہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مانگی ہوئی مبارک دعائیں ہیں (یا اللہ) جب تک مشرق اور مغرب کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت کاملہ نازل فرمایئے اسکے بعد جو دعائیں آگے آرہی ہیں ہم آپ سے مانگتے ہیں، ہمارا کام مانگنا اور آپ کا کام قبول کرنا اور عطا کرنا ہے (لہٰذا ہماری دعائیں قبول فرمایئے)

اَلْمَنْزِلُ الرَّابِعُ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ

چوتھی منزل بروز منگل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1 اَللّٰهُمَّ لَكَ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَ مَمَاتِيْ وَاِلَيْكَ مَاٰبِيْ وَلَكَ رَبِّ تُرَاثِيْ ۞ ترمذی

2 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَجِيْءُ بِهِ الرِّيَاحُ ۞ ترمذی

3 اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ اُعَظِّمُ شُكْرَكَ وَ اُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نَصِيْحَتَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا وَنَوَاصِيَنَا وَجَوَارِحَنَا

1 یا اللہ! آپ ہی کے لیے ہے میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور مرنا اور آپ ہی کی طرف ہے میرا رجوع اور آپ ہی کا ہے جو کچھ میں چھوڑ جاؤں گا۔

2 یا اللہ! میں آپ سے ان چیزوں کی بھلائی مانگتا ہوں جنہیں ہوائیں لاتی ہیں۔

3 یا اللہ! مجھے ایسا بنا دیجیے کہ میں آپکا بڑا شکر کرتا رہوں اور آپکا بہت ذکر کرتا رہوں اور آپکی نصیحتوں کو مانتا رہوں اور آپکی ہدایتوں کو یاد رکھوں۔ یا اللہ! ہمارے دل اور ہم خود سرتا پا اور ہمارے اعضاء (سب) آپ ہی کے قبضے میں ہیں، آپ نے ہمیں ان میں سے کسی چیز پر

بِيَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا مِنْهَا شَيْئًا ط فَإِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ بِنَا فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّنَا وَاهْدِنَا اِلٰى سَوَآءِ السَّبِيْلِ ۞ ترمذی

4 اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيَّ ط وَاجْعَلْ خَشْيَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ عِنْدِيْ ط وَاقْطَعْ عَنِّيْ حَاجَاتِ الدُّنْيَا بِالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ ط وَاِذَا اَقْرَرْتَ اَعْيُنَ اَهْلِ الدُّنْيَا

بھی اختیار (کامل) نہیں دیا ہے، پس جب آپ نے ہمارے ساتھ یہ معاملہ کیا ہے تو آپ ہی ہمارے مددگار رہیے اور ہمیں سیدھی راہ دکھاتے رہیے۔

4 یا اللہ! اپنی محبت کو میرے لیے تمام چیزوں سے محبوب تر اور اپنے خوف کو میرے لیے تمام چیزوں سے خوفناک تر بنا دیجیے اور مجھے اپنی ملاقات کا شوق دیکر دنیا کی حاجتیں مجھ سے ختم فرما دیجیے اور جہاں آپ نے دنیا والوں کی آنکھیں انکی دنیا سے ٹھنڈی کر رکھی ہیں، میری

مِنْ دُنْيَاهُمْ فَاَقِرَّ عَيْنِي مِنْ عِبَادَتِكَ ؎

5 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضٰى بِالْقَدَرِ ؎ کنز العمال

6 اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا وَّلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا ؎ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ التَّوْفِيْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ ؎ کنز العمال

آنکھیں اپنی عبادت سے ٹھنڈی رکھیے۔

5 یا اللہ! میں آپ سے تندرستی مانگتا ہوں اور پاکبازی اور امانت اور حُسنِ خلق اور تقدیر پر راضی رہنا (مانگتا ہوں)

6 یا اللہ! آپ ہی کے لیے ہر تعریف ہے شکر کے ساتھ اور آپ ہی کا حصہ ہے فضل و کرم کے ساتھ ہر طرح کا احسان کرنا۔ یا اللہ! میں آپ سے توفیق طلب کرتا ہوں آپکے پسندیدہ اعمال کی اور آپ پر سچے توکل کی اور آپکے ساتھ نیک گمان رکھنے کی۔

7 اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِىْ لِذِكْرِكَ وَ
ارْزُقْنِىْ طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَ
عَمَلًا بِكِتَابِكَ ﴿ كنز العمال

8 اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ اَخْشَاكَ كَاَنِّىْ اَرَاكَ اَبَدًا
حَتّٰى اَلْقَاكَ وَاَسْعِدْنِىْ بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِىْ
بِمَعْصِيَتِكَ ﴿ كنز العمال

9 اَللّٰهُمَّ الْطُفْ بِىْ تَيْسِيْرِ كُلِّ عَسِيْرٍ فَاِنَّ

7 یا اللہ! میرے دل کے کان اپنے ذکر کے لیے کھول دیجئے اور مجھے اپنی اور اپنے رسول کی فرمانبرداری نصیب فرمایئے اور آپکی کتاب پر عمل (کی توفیق) نصیب فرمایئے۔

8 یا اللہ! مجھے ایسا بنا دیجئے کہ میں آپ سے اسطرح ڈرا کروں کہ گویا میں ہر وقت آپکو دیکھتا ہوں یہاں تک کہ میں آپ سے آملوں اور مجھے تقویٰ کی سعادت بخشیے اور اپنی (نافرمانی) سے مجھے شقی نہ بنایئے۔

9 یا اللہ! ہر دشوار کو آسان کر کے مجھ پر فضل و کرم فرما دیجئے کیونکہ ہر دشوار کو آسان کرنا

تَيْسِيْرَ كُلِّ عَسِيْرٍ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ ۗ وَاَسْاَلُكَ الْيُسْرَ وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ اعْفُ عَنِّيْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ ۞ کنز العمال

10 اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَاءِ ۗ وَلِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ ۗ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۞ کنز العمال

آپ کے لیے آسان ہے اور میں آپ سے دنیا و آخرت (دونوں) میں معافی اور سہولت کی درخواست کرتا ہوں۔ یا اللہ! مجھ سے درگزر فرمایئے کیونکہ آپ بڑے معاف کرنے والے (اور) بڑے رحم فرمانے والے ہیں۔

10 یا اللہ! میرے دل کو نفاق سے پاک فرما دیجئے اور میرے عمل کو ریاء سے اور میری زبان کو جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت سے کیونکہ آپ پر تو روشن ہیں آنکھوں کی چوریاں بھی اور جو کچھ دل میں چھپائے رکھتے ہیں وہ بھی۔ یا اللہ! مجھے برسنے والی آنکھیں نصیب فرمایئے جو

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ عَيْنَيْنِ هَطَّالَتَيْنِ تَسْقِيَانِ
الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ مِنْ خَشْيَتِكَ قَبْلَ
اَنْ تَكُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا وَّالْاَضْرَاسُ جَمْرًا ؁
11 اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ قُدْرَتِكَ وَاَدْخِلْنِيْ فِيْ
رَحْمَتِكَ وَاقْضِ اَجَلِيْ فِيْ طَاعَتِكَ وَ
اخْتِمْ لِيْ بِخَيْرِ عَمَلِيْ وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ ؁
12 اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِيْبَ

دل کو آپکی خشیت کی بناء پر بہتے ہوئے آنسوؤں سے سیراب کردیں قبل اس کے کہ آنسو خون ہو جائیں اور داڑھیں انگارے بن جائیں۔

11 یا اللہ! مجھے اپنی قدرت سے امن وچین دیجئے اور مجھے اپنی رحمت میں داخل فرمالیجئے اور میری عمر اپنی طاعت میں گذار دیجئے اور میرا خاتمہ میرے بہترین عمل پر فرمادیجئے اور اسکے بدلے جنت عطا فرمائیے۔

12 اے اللہ! فکر کے دور کرنے والے! غم کے زائل کرنے والے! بے قراروں کی دُعا قبول

دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَرَحِيْمَهَآ

اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا

عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ ۞ مستدرک

13 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ مِنْ فُجَاءَةِ الْخَيْرِ وَاَعُوْذُبِكَ

مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرِّ ۞ کتاب الاذکار للنووی

14 اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ

يَعُوْدُ السَّلَامُ اَسْاَلُكَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

فرمانے والے! دنیا کے رحمٰن و رحیم! مجھ پر آپ ہی رحم کریں گے، (لہٰذا) مجھ پر ایسی رحمت فرمایئے کہ اسکی بناء پر آپ مجھے اپنے سوا ہر ایک کی رحمت سے بے پرواہ کر دیجئے۔

13 یا اللہ! میں آپ سے غیر متوقع بھلائی مانگتا ہوں اور ناگہانی برائی سے آپکی پناہ مانگتا ہوں۔

14 یا اللہ! آپ ہی کا نام سلام ہے اور آپ ہی سے سلامتی کی ابتداء ہے اور آپ ہی کی طرف ہر سلامتی لوٹتی ہے، اے صاحب عزت اور جلال! میں آپ سے یہ درخوست کرتا ہوں کہ آپ

اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا دَعْوَتَنَا ۖ وَاَنْ تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا ۖ وَاَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ ۞ کتاب الاذکار للنووی

15 اَللّٰهُمَّ خِرْ لِيْ وَاخْتَرْ لِيْ ۞ ترمذی

16 اَللّٰهُمَّ اَرْضِنِيْ بِقَضَائِكَ ۖ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ مَا قُدِّرَ لِيْ حَتّٰى لَآ اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَا اَخَّرْتَ ۖ وَلَا تَأْخِيْرَ مَا عَجَّلْتَ ۞ کتاب الاذکار للنووی

ہمارے حق میں ہماری دعا قبول فرمالیجئے اور آپ ہماری خواہشیں پوری کر دیجئے اور آپ نے اپنی مخلوق میں جن کو ہم سے غنی کر دیا ہے ان سے ہم کو بھی غنی کر دیجئے۔

15 یا اللہ! آپ ہی میرے لیے (چیزوں کو) چھانٹ لیجئے اور پسند فرمالیجئے۔

16 یا اللہ! مجھے اپنے فیصلے پر راضی رکھیئے اور جو کچھ میرے لیے مقدر کر دیا گیا ہے اسمیں برکت عطا فرمائیے تاکہ جو چیز آپنے دیر میں رکھی ہے اسکے لیے میں جلدی نہ چاہوں اور جو چیز آپ نے جلد رکھی ہے اسمیں دیر نہ چاہوں۔

17 اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ ۞ کتاب الاذکار للنووی

18 اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ ۞ کتاب الاذکار للنووی

19 اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَحْسَنُوا اسْتَبْشَرُوْا وَاِذَآ اَسَآءُوا اسْتَغْفَرُوْا ۞ ابن ماجہ

20 اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ رَحْمَۃً مِّنْ عِنْدِكَ تَھْدِیْ بِھَا قَلْبِیْ وَتَجْمَعُ بِھَا اَمْرِیْ وَتَلُمُّ بِھَا شَعَثِیْ

17 یا اللہ! عیش تو بس عیشِ آخرت ہی ہے اور (اسکے سوا) کوئی نہیں۔

18 یا اللہ! مجھے خاکسار بنا کر زندہ رکھیے اور خاکساری کی حالت میں موت دیجئے اور خاکساری میں ہی مجھے اٹھائیے۔

19 یا اللہ! مجھے ان لوگوں میں بنا دیجئے جو جب نیک کام کرتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں اور جب کوئی برائی کرتے ہیں تو مغفرت چاہنے لگتے ہیں۔

20 یا اللہ! میں آپ سے آپ کی خاص رحمت مانگتا ہوں جس سے آپ میرے دل کو ہدایت کریں اور اس سے میرے کاموں کو جمعیت دیں (یعنی ایسی رحمت جس سے میرے سارے

وَتُصْلِحُ بِهَا بِيْنِيْ وَتَقْضِيْ بِهَا دَيْنِيْ وَتَحْفَظُ بِهَا غَائِبِيْ وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِيْ وَتُبَيِّضُ بِهَا وَجْهِيْ وَتُزَكِّيْ بِهَا عَمَلِيْ وَتُلْهِمُنِيْ بِهَا رُشْدِيْ وَتَرُدُّ بِهَا اُلْفَتِيْ وَتَعْصِمُنِيْ بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ ؕ

21 اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَيَقِيْنًا لَيْسَ بَعْدَهٗ كُفْرٌ وَرَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ کنز العمال

کام بن جائیں) اور آپ سے ایسی رحمت مانگتا ہوں جس سے میری ابتری کو درست کردیں (یعنی الجھنیں سلجھ جائیں) اور اس سے میرے دین کو سنواردیں اور اس سے میرے قرضے کو ادا کردیں اور اس ہدایت کے ذریعے میری نظر سے غائب چیزوں کی نگہبانی کیجئے اور اس سے میری پیش نظر چیزوں کو بلندی عطا کیجئے اور اس سے میرا چہرہ نورانی کردیجئے اور اس سے میرا عمل پاکیزہ کردیجئے اور اس سے ہدایت میرے دل میں ڈال دیجئے اور اس سے لوٹا دے میری الفت کو اور اس ہدایت کے واسطے سے مجھے ہر برائی سے بچائے رکھنا۔

21 یا اللہ! مجھے ایسا ایمان دیجئے جو نہ پھرے اور ایسا یقین کہ اس کے بعد کفر نہ ہو اور ایسی رحمت (دیجئے) کہ اس کے ذریعے سے دنیا اور آخرت میں آپ کے یہاں کی عزت کا شرف پالوں۔

22 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْفَوْزَ فِی الْقَضَآءِ وَنُزُلَ
الشُّهَدَآءِ وَعَیْشَ السُّعَدَآءِ وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِیَاءِ
وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَآءِ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ۞
23 اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَأْیِیْ وَضَعُفَ عَنْهُ
عَمَلِیْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مُنْیَتِیْ وَمَسْأَلَتِیْ مِنْ
خَیْرٍ وَّعَدْتَّهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوْ خَیْرٍ اَنْتَ
مُعْطِیْهِ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ فَاِنِّیْ اَرْغَبُ

22 یا اللہ! میں آپ سے قسمت میں کامیابی مانگتا ہوں اور شہیدوں کی سی مہمانی اور نیکوں کا سا عیش اور انبیا کی رفاقت اور دشمنوں پر فتح (مانگتا ہوں) بے شک آپ دعاؤں کے سننے والے ہیں۔

23 یا اللہ! جو بھلائی بھی ایسی ہو کہ اس تک پہنچنے سے میری سمجھ قاصر رہ گئی ہو اور میرا عمل وہاں تک ساتھ نہ دے سکا ہو اور (اس) بھلائی تک میری آرزو اور میرے سوال کی رسائی نہ ہو اور آپ نے اس بھلائی کا وعدہ اپنی مخلوق میں سے کسی سے بھی کیا ہو یا جو ایسی بھلائی ہو کہ آپ اپنے بندوں میں سے کسی کو بھی دینے والے ہوں تو میں آپ سے اسکی خواہش کرتا ہوں اور آپ

اِلَيْكَ فِيْهِ ؕ وَاَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ

24 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِيْ وَاِنْ قَصُرَ رَأْيِيْ ؕ وَضَعُفَ عَمَلِيْ افْتَقَرْتُ اِلٰى رَحْمَتِكَ ؕ فَاَسْئَلُكَ يَا قَاضِيَ الْاُمُوْرِ وَيَا شَافِيَ الصُّدُوْرِ ؕ كَمَا تُجِيْرُ بَيْنَ الْبُحُوْرِ اَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ؕ وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ ؕ

25 اَللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِيْدِ وَالْاَمْرِ الرَّشِيْدِ ؕ

سے آپکی رحمت کے واسطے سے طلب کرتا ہوں

24 اے جہانوں کے پروردگار! یا اللہ! میں اپنی خواہش آپ کے حوالے کرتا ہوں گو میری سمجھ کوتاہی کرے اور میرا عمل ضعیف رہے، میں محتاج ہوں آپ کی رحمت کا اے سب کاموں کے پورا کرنے والے اور اے دلوں کے شفا دینے والے! میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ جس طرح آپنے سمندروں کے درمیان فاصلہ رکھا ہے آپ مجھے بھی دوزخ کے عذاب سے اور (جہنم کے عذاب سے دل برداشتہ ہو کر) موت کو پکارنے سے اور قبروں کے فتنے سے دور رکھیئے۔

25 یا اللہ! مضبوط ڈورو الے اور درست حکم والے!

اَسْئَلُكَ الْاَمْنَ يَوْمَ الْوَعِيْدِ وَالْجَنَّةَ يَوْمَ
الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِيْنَ الشُّهُوْدِ الرُّكَّعِ
السُّجُوْدِ الْمُوْفِيْنَ بِالْعُهُوْدِ اِنَّكَ رَحِيْمٌ
وَّدُوْدٌ وَّاِنَّكَ تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ ۞ کنز العمال

26 اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِيْنَ مُهْتَدِيْنَ غَيْرَ ضَآلِّيْنَ
وَلَا مُضِلِّيْنَ سِلْمًا لِّاَوْلِيَآئِكَ وَحَرْبًا لِّاَعْدَآئِكَ
نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ اَحَبَّكَ وَنُعَادِيْ

میں آپ سے حشر میں امن کی طلب کرتا ہوں اور آخرت میں جنت کی درخواست کرتا ہوں ان لوگوں کے ساتھ جو مقرب اور حاضر باش ہیں، بڑے رکوع کرنے والے ہیں، بڑے سجدہ کرنے والے ہیں اور اپنے اقراروں کو پورا کرنے والے ہیں بے شک آپ بڑے مہربان ہیں بڑے شفیق ہیں اور آپ جو چاہیں کر سکتے ہیں۔

26 یا اللہ! ہمیں راہ نما اور راہ یاب بنا دیجئے نہ کہ بے راہ اور بھٹکانے والے۔ اور ہمیں بنا دیجئے اپنے دوستوں کا دوست اور اپنے دشمنوں کا دشمن، ہم آپکی مخلوق میں اسی کو دوست

بِعَدَاوَتِكَ مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ ۞ کنز العمال

27 اَللّٰهُمَّ هٰذَا الدُّعَاءُ وَعَلَيْكَ الْإِجَابَةُ ط وَهٰذَا الْجُهْدُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ ۞ اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ ط وَلَا تَنْزِعْ مِنِّيْ صَالِحَ مَا اَعْطَيْتَنِيْ ۞ کنز العمال

28 اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰهٍ اِسْتَحْدَثْنَاهُ ط وَلَا بِرَبٍّ يَبِيْدُ ذِكْرُهُ ابْتَدَعْنَاهُ ط وَلَا عَلَيْكَ شُرَكَاءُ

رکھیں جو آپکو دوست رکھتا ہو اور اسے دشمن رکھیں جو آپکا نافرمان ہو۔

27 یا اللہ! یہ دعا ہے اور قبول کرنا آپکا کام ہے اور یہ (میری) کوشش ہے اور بھروسہ آپ ہی کے اوپر ہے۔ یا اللہ! مجھے ایک پلک بھر کے لیے بھی اپنے نفس کے حوالے نہ کیجیے اور جو بھی اچھی چیزیں آپ نے مجھے دی ہیں وہ مجھ سے واپس نہ لیجیے۔

28 یا اللہ! آپ ایسے خدا نہیں ہیں جسے ہم نے گھڑ لیا ہو اور نہ ایسے پروردگار ہیں جسکا ذکر ناپائیدار ہے کہ ہم نے اسے بنا لیا ہو اور نہ آپ کے اور ساتھی ہیں جو حکم میں آپکے شریک ہیں

يَقُصُّوْنَ مَعَكَ وَلَا كَانَ لَنَا قَبْلَكَ
مِنْ اِلٰهٍ نَلْجَأُ اِلَيْهِ وَنَذَرُكَ وَلَا اَعَانَكَ
عَلٰى خَلْقِنَا اَحَدٌ فَنُشْرِكَهُ فِيْكَ تَبَارَكْتَ وَ
تَعَالَيْتَ فَنَسْأَلُكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اغْفِرْلِيْ ؂
29 اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَاَنْتَ تَوَفّٰهَا لَكَ
مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا
تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ وَاِنْ اَمَتَّهَا

اور نہ ہی آپ سے پہلے ہمارا کوئی خدا تھا جس سے ہم پناہ حاصل کرتے رہے ہوں اور آپکو چھوڑ دیتے ہوں اور نہ کسی نے ہمارے پیدا کرنے میں آپکی مدد کی ہے کہ ہم اسکو آپکے ساتھ شریک سمجھیں، آپ بابرکت ہیں اور آپ برتر ہیں، پس ہم آپ سے اے وہ (ذات) کہ آپکے سوا کوئی معبود نہیں درخواست کرتے ہیں کہ آپ مجھے بخش دیجئے۔

29 یا اللہ! آپ ہی نے میری جان کو پیدا کیا ہے اور آپ ہی اسے موت دینگے آپ ہی کے لیے ہے اس کا مرنا اور جینا، اگر آپ اسے زندہ رکھیں تو اسکی ایسی حفاظت فرمایئے جیسی کہ آپ اپنے نیک

فَاغْفِرْ لَهَا وَارْحَمْهَا۔ مسلم

30 اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِالْعِلْمِ وَزَيِّنِّيْ بِالْحِلْمِ وَاَكْرِمْنِيْ بِالتَّقْوٰى وَجَمِّلْنِيْ بِالْعَافِيَةِ۔ کنز العمال

31 اَللّٰهُمَّ لَا يُدْرِكُنِيْ زَمَانٌ وَّلَا يُدْرِكُوْا زَمَانًا لَّا يُتَّبَعُ فِيْهِ الْعَلِيْمُ وَلَا يُسْتَحْيٰى فِيْهِ مِنَ الْحَلِيْمِ قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الْاَعَاجِمِ وَاَلْسِنَتُهُمْ اَلْسِنَةُ الْعَرَبِ۔ کنز العمال

بندوں کی حفاظت کرتے ہیں اور اگر آپ اسے موت دیں تو اسے بخش دیجئے اور اس پر رحم فرمائیے۔

30 یا اللہ! آپ میری مدد فرمائیے علم دیکر اور مجھے آراستہ کر دیجئے وقار دیکر اور مجھے بزرگی دیجئے تقویٰ (پرہیز گاری) دیکر اور مجھے جمال دیجئے امن وچین دے کر۔

31 یا اللہ! مجھے وہ زمانہ نہ پائے اور نہ یہ لوگ اس زمانے کو پائیں جس میں نہ صاحب علم کی پیروی کی جائے اور نہ صاحب حلم (باوقار) کا لحاظ کیا جائے اور انکے دل عجمیوں کے سے ہوں، انکی زبانیں اہل عرب کی سی رہ جائیں۔

32 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَّنْ تُخْلِفَنِيْهِ
فَاِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ اٰذَيْتُهٗ اَوْ شَتَمْتُهٗ
اَوْ جَلَدْتُّهٗ اَوْ لَعَنْتُهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً وَّزَكٰوةً
وَّقُرْبَةً تُقَرِّبُهٗ بِهَآ اِلَيْكَ ۞ الحزب الاعظم

33 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَمِنَ الشِّقَاقِ
وَالنِّفَاقِ وَسُوْٓءِ الْاَخْلَاقِ وَمِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ
اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ وَمِنَ

32 یا اللہ! میں آپ سے وعدہ لیتا ہوں جسے آپ ہرگز نہ توڑیے کہ میں بھی آخر بشر ہوں سو جس کسی مسلمان کو میں تکلیف دوں یا اسے برا بھلا کہوں یا اسے ماروں پیٹوں یا اسے بددعا دوں تو اس (سب) کو آپ اسکے حق میں رحمت اور پاکیزگی کا ذریعہ بنا دیجیے جس سے آپ اسکو اپنا مقرب بنائیں۔

33 یا اللہ! میں آپکی پناہ میں آتا ہوں برص سے اور ضد اضدی سے اور نفاق سے اور برے اخلاق سے اور ہر اس چیز کی برائی سے جو آپکے علم میں ہے، میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں اہل دوزخ کے حال سے اور (خود) دوزخ سے اور اس چیز سے خواہ وہ قول ہو یا عمل جو اسکے قریب

النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَمِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ وَمِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَشَرِّ الشَّيْطٰنِ وَشِرْكِهٖ وَاَنْ نَقْتَرِفَ عَلٰۤى اَنْفُسِنَا سُوْٓءًا اَوْ نَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ اَوْ اَكْتَسِبَ خَطِيْئَةً اَوْ ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُهٗ وَمِنْ ضِيْقِ الْمَقَامِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۞ نسائی، ابوداؤد

کرے اور آپکی پناہ میں آتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو آپ کے قبضے میں ہے اور آپکی پناہ میں آتا ہوں ہر اس برائی سے جو آج کے دن میں ہے اور ہر اس برائی سے جو اسکے بعد ہے اور نفس کی برائی سے اور شیطان کی برائی سے اور شیطان کے شرک سے اور اس سے کہ ہم کسی شر کو اپنے اوپر لگائیں یا اُسے کسی مسلمان تک پہنچائیں یا میں کوئی ایسی خطا یا گناہ کروں جسے آپ نہ بخشیں اور پناہ میں آتا ہوں قیامت کے دن تنگی سے۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

پانچویں منزل

بروز بدھ

ان دعاؤں کے ورد کا زیادہ مناسب طریقہ یہ ہے کہ منزل کے ساتھ اول خطبہ ذیل پڑھیں اور جمعہ سے شروع کر کے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کردیں احقر کو بھی دعاءمیں یاد رکھیں تو احسان عظیم ہوگا۔ بندہ محمد شفیع عفی عنہ

خُطْبَةُ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُ لَكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۞ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ۞ مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۞ وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۞ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ۞ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۞

اے ان سب سے بہتر (ذات) جن سے امید قائم کی جائے اور ان سب سے سخی تر ذات جن سے کچھ مانگا جائے۔ ہم آپ کی تعریف کرتے ہیں کہ آپ نے ہمیں مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ تعالیٰ کے یہاں نزدیکی کا باعث ہے (یہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مانگی ہوئی مبارک دعائیں ہیں (یا اللہ) جب تک مشرق اور مغرب کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت کاملہ نازل فرمایئے اسکے بعد جو دعائیں آگے آرہی ہیں ہم آپ سے مانگتے ہیں، ہمارا کام مانگنا اور آپ کا کام قبول کرنا اور عطا کرنا ہے (لہٰذا ہماری دعائیں قبول فرمالیجئے)

اَلْمَنْزِلُ الْخَامِسُ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ

پانچویں　منزل　بروز　بدھ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1 اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ۞

2 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ وَتَمَامَ رِضْوَانِكَ وَتَمَامَ مَغْفِرَتِكَ ۞

3 اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ ۞ کتاب الاذکار

4 اَللّٰهُمَّ غَشِّنِيْ بِرَحْمَتِكَ وَجَنِّبْنِيْ عَذَابَكَ ۞ الحزب الاعظم

5 اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَيَّ يَوْمَ تَزِلُّ فِيْهِ

1 یا اللہ! میری شرمگاہ کو محفوظ کر دیجئے اور مجھ پر میرے کام آسان کر دیجئے۔

2 یا اللہ! میں آپ سے وضو کا کمال اور نماز کا کمال اور آپ کی خوشنودی کا کمال اور آپ کی مغفرت کا کمال مانگتا ہوں۔

3 یا اللہ! میرا نامۂ اعمال میرے داہنے ہاتھ میں دیجئے گا۔

4 یا اللہ! مجھے اپنی رحمت میں ڈھانپ لیجئے اور مجھے اپنے عذاب سے بچائے رکھیئے۔

5 یا اللہ! میرے قدم ثابت رکھیئے جس دن کہ قدم ڈگمگانے لگیں گے۔

اُلۡاَقۡدَامُ۞ کتاب الاذکار

6 اَللّٰهُمَّ اجۡعَلۡنَا مُفۡلِحِیۡنَ۞ الحزب الاعظم

7 اَللّٰهُمَّ افۡتَحۡ اَقۡفَالَ قُلُوۡبِنَا بِذِكۡرِكَ وَ اَتۡمِمۡ عَلَیۡنَا نِعۡمَتَكَ وَاَسۡبِغۡ عَلَیۡنَا مِنۡ فَضۡلِكَ وَاجۡعَلۡنَا مِنۡ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیۡنَ۞ الحزب الاعظم

8 اَللّٰهُمَّ اٰتِنِیۡ اَفۡضَلَ مَا تُؤۡتِیۡ عِبَادَكَ

6 یا اللہ! ہمیں فلاح یاب بنا دیجئے

7 یا اللہ! اپنے ذکر سے ہمارے دلوں کے قفل کھول دیجئے اور ہم پر اپنی نعمت کو پورا کر دیجئے اور ہم پر اپنا فضل پورا کر دیجئے اور ہمیں اپنے نیک بندوں میں سے کر لیجئے۔

8 یا اللہ! مجھے وہ سب سے بڑھکر دیجئے جو آپ اپنے نیک بندوں کو دیتے ہیں۔

الصّٰلِحِیْنَ ۞ الحزب الاعظم

9 اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَمِتْنِیْ مُسْلِمًا ۞

10 اَللّٰھُمَّ عَذِّبِ الْکَفَرَۃَ وَاَلْقِ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الرُّعْبَ وَخَالِفْ بَیْنَ کَلِمَتِھِمْ وَاَنْزِلْ عَلَیْھِمْ رِجْزَکَ وَعَذَابَکَ ۞ اَللّٰھُمَّ عَذِّبِ الْکَفَرَۃَ اَھْلَ الْکِتَابِ وَالْمُشْرِکِیْنَ الَّذِیْنَ یَجْحَدُوْنَ اٰیَاتِکَ وَیُکَذِّبُوْنَ

9 یا اللہ مجھے مسلمان ہی زندہ رکھیے اور مسلمان ہی (رکھ کر) مجھے وفات دیجیے۔

10 یا اللہ! کافروں کو عذاب دیجیے اور ان کے دلوں میں ہیبت بٹھا دیجیے اور ان کی بات میں اختلاف پیدا کر دیجیے اور ان پر اپنا قہر و عذاب نازل کر دیجیے۔ یا اللہ! کافروں کو عذاب دیجیے وہ اہل کتاب ہوں یا مشرک جو آپ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور آپ کے رسولوں کی تکذیب کرتے ہیں اور آپ کی راہ سے (دوسروں) کو روکتے ہیں اور آپ کی (مقرر کی ہوئی) حدود سے تجاوز کرتے ہیں اور آپ کے ساتھ کسی اور معبود کو بھی پکارتے ہیں حالانکہ آپ کے سوا

رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَ
يَتَعَدَّوْنَ حُدُوْدَكَ وَيَدْعُوْنَ مَعَكَ
اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ
عَمَّا يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا۞ کنز العمال
11 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ
وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَصْلِحْهُمْ وَ
اَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ

کوئی بھی معبود نہیں ہے، آپ بابرکت ہیں اور آپ ہر طرح نہایت درجہ برتر ہیں اس سے جو یہ ظالم کہتے ہیں۔

11 یا اللہ! آپ ہمیں بخش دیجئے اور تمام ایمان والوں اور ایمان والیوں اور تمام مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بخش دیجئے اور انہیں سنوار دیجئے اور ان کی آپس میں صلح کر دیجئے اور انکے دلوں میں الفت دے دیجئے اور انکے دلوں میں ایمان اور حکمت رکھ دیجئے اور انہیں

وَاجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْإِيْمَانَ وَالْحِكْمَةَ وَ
ثَبِّتْهُمْ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِكَ وَاَوْزِعْهُمْ اَنْ
يَّشْكُرُوْا نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ وَاَنْ
يُّوْفُوْا بِعَهْدِكَ الَّذِيْ عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ
وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اِلٰهَ
الْحَقِّ سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ
وَاَصْلِحْ لِيْ عَمَلِيْ اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

اپنے رسول کے دین پر ثابت رکھیے اور انہیں توفیق دیجیے کہ آپ کی عطا کردہ نعمت کا شکر کرتے رہیں اور جو عہد آپ نے ان سے لیا ہے اسے پورا کرتے رہیں اور انہیں اپنے اور ان کے دشمنوں پر غالب رکھیے اے معبود برحق! آپ پاک ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، میرے گناہ بخش دیجیے۔ اور میرے عمل درست کر دیجیے بے شک آپ ہی گناہ بخش دیتے ہیں۔

لِمَنْ تَشَآءُ ط وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ يَا
غَفَّارُ اغْفِرْ لِيْ يَا تَوَّابُ تُبْ عَلَيَّ ط يَا رَحْمٰنُ
ارْحَمْنِيْ يَا عَفُوُّ اعْفُ عَنِّيْ يَا رَءُوْفُ اْرءُفْ
بِيْ ط يَا رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ
الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ ط وَطَوِّقْنِيْ حُسْنَ عِبَادَتِكَ ط
يَا رَبِّ اَسْاَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ ط يَا رَبِّ
افْتَحْ لِيْ بِخَيْرٍ وَّاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرٍ ط وَقِنِيْ

جس کے لیے چاہتے ہیں اور آپ ہی مغفرت کرنے والے ہیں رحم کرنے والے ہیں، اے بخشنے والے! مجھے بخش دیجیے۔ اے توبہ قبول کرنے والے! میری توبہ قبول کرلیجیے۔ اے بہت زیادہ رحم کرنے والے! مجھ پر رحم فرمایئے۔ اے معاف کرنیوالے! مجھے معاف کردیجیے، اے مہربان! مجھ پر مہربانی کردیجیے اے پروردگار! مجھے اپنی عطا کردہ نعمت کا شکر ادا کرنے کی توفیق عطا فرمایئے اور اچھی طرح اپنی عبادت کرنے کی طاقت دیجیے، اے پروردگار! میں آپ سے ہر قسم کی بھلائی مانگتا ہوں، اے پروردگار! میرا آغاز خیر کے ساتھ کردیجیے اور میرا خاتمہ خیر کے

السَّيِّاٰتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ
فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۞

12 اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ الشُّكْرُ كُلُّهٗ ۭ وَ
لَكَ الْمُلْكُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْخَلْقُ كُلُّهٗ ۭ بِيَدِكَ
الْخَيْرُ كُلُّهٗ ۭ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ ۭ
اَسْاَلُكَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ ۭ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ
كُلِّهٖ ۞ الحزب الاعظم

ساتھ کر دیجیے اور مجھے برائیوں سے بچا لیجیے اور جسے آپ نے اس دن برائیوں سے بچا لیا بے شک آپ نے اس پر رحم ہی کیا اور یہی تو بڑی کامیابی ہے۔

12 یا اللہ! آپ ہی کے لیے تعریف ہے سب کی سب اور آپ ہی کے لیے شکر ہے سب کا سب اور آپ ہی کے لیے حکومت ہے سب کی سب اور آپ ہی کے لیے مخلوق ہے سب کی سب، آپ ہی کے ہاتھ میں بھلائی ہے سب کی سب اور آپ ہی کی طرف امور لوٹتے ہیں سب کے سب، میں آپ سے بھلائی مانگتا ہوں سب کی سب، آپ کی پناہ میں آتا ہوں ساری کی ساری برائیوں سے۔

13 بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ غَیْرُهٗ ؕ اَللّٰهُمَّ
اَذْهِبْ عَنِّی الْهَمَّ وَالْحُزْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ بِحَمْدِكَ
انْصَرَفْتُ وَبِذَنْبِیْ اعْتَرَفْتُ ؕ الحزب الاعظم

14 اَللّٰهُمَّ اِلٰهِیْ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِیْمَ وَاِسْحٰقَ
وَیَعْقُوْبَ وَاِلٰهَ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْكَآئِیْلَ
وَاِسْرَافِیْلَ ط اَسْاَلُكَ اَنْ تَسْتَجِیْبَ دَعْوَتِیْ ط
فَاَنَا مُضْطَرٌّ وَّتَعْصِمُنِیْ فِیْ دِیْنِیْ ط فَاِنِّیْ

13 اس اللہ کے نام (کی برکت) سے جسکے سوا کوئی معبود نہیں۔ یا اللہ! مجھ سے فکر اور غم دور فرما دیجئے۔ یا اللہ! میں آپ ہی کی حمد کے ساتھ چلتا پھرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں۔

14 یا اللہ! میرے معبود اور ابراہیمؑ و اسحاقؑ اور یعقوبؑ کے معبود اور جبرئیل و میکائیل اور اسرافیل کے معبود! میں آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ میری دُعا قبول فرمالیجئے کہ میں بے قرار ہوں اور مجھے میرے دین کے بارے میں محفوظ رکھیے کہ میں بلا میں پڑا ہوا ہوں اور اپنی

مُبْتَلًى وَّتَنَالَنِيْ بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّيْ مُذْنِبٌ
وَّتَنْفِيْ عَنِّيْ الْفَقْرَ فَاِنِّيْ مُتَمَسْكِنٌ ۞ کنزالعمال

15 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ
فَاِنَّ لِلسَّائِلِ عَلَيْكَ حَقًّا اَيُّمَا عَبْدٍ
اَوْ اَمَةٍ مِّنْ اَهْلِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَقَبَّلْتَ
دَعْوَتَهُمْ وَاسْتَجَبْتَ دُعَآءَهُمْ اَنْ تُشْرِكَنَا
فِيْ صَالِحِ مَا يَدْعُوْنَكَ فِيْهِ وَاَنْ تُشْرِكَهُمْ

رحمت میرے شامل حال رکھیے کہ میں گناہ گار ہوں اور مجھ سے محتاجی دور کر دیجیے کہ میں بے کس ہوں۔

15 یا اللہ! میں آپ سے ہر اس حق کے ذریعے مانگتا ہوں جو سائلوں کا آپ پر ہے کیونکہ سائلوں کا آپ کے اوپر حق ہے کہ خشکی اور تری کے جس کسی بھی غلام یا باندی کی دعا آپ نے قبول کی ہو تو ہمیں ان اچھی دعاؤں میں شریک کر دیجیے جو وہ آپ سے مانگیں اور آپ انہیں ان اچھی دعاؤں میں شریک کر دیجیے جو ہم آپ سے مانگیں اور یہ کہ آپ ہمیں اور انہیں چین

فِیْ صَالِحِ مَا نَدْعُوْكَ فِيْهِ وَاَنْ تُعَافِيَنَا
وَاِيَّاهُمْ وَاَنْ تَتَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْهُمْ وَاَنْ
تَجَاوَزَ عَنَّا وَعَنْهُمْ فَاِنَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ
وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ ۞

16 اَللّٰهُمَّ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَاجْعَلْ فِی
الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ وَفِي الْاَعْلَيْنَ دَرَجَتَهٗ وَفِی
الْمُقَرَّبِيْنَ ذِكْرَهٗ ۞ کنز العمال

وسکھ دیجئے اور یہ کہ آپ ہماری اور انکی دعائیں قبول کر لیجئے اور یہ کہ آپ ہم سے اوران سے درگذر کر دیجئے ، بے شک ہم ایمان لائے اس پر جو آپ نے اتارا ہے اور ہم نے رسول کی پیروی کی پس ہمیں بھی شہادت دینے والوں میں لکھ لیجئے۔

16 یا اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقام وسیلہ عنایت فرما دیجئے اور برگزیدہ لوگوں میں انکی محبوبیت فرما دیجئے اور ان کا رتبہ عالی لوگوں میں اور ان کا ذکر اہل تقرب میں کر دیجئے۔

17 اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَاَسْبِغْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ ۞ عمل الیوم واللیلۃ

18 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ۞ عمل الیوم واللیلۃ

19 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ تَوْفِیْقَ اَهْلِ الْهُدٰی ۚ وَاَعْمَالَ اَهْلِ الْیَقِیْنِ وَمُنَاصَحَةَ اَهْلِ

17 یا اللہ! مجھے اپنے ہاں (پاس) سے ہدایت نصیب کر دیجئے اور مجھے اپنے فضل وکرم سے مستفید کیجئے اور مجھ پر اپنی رحمت کامل کر دیجئے اور مجھ پر اپنی برکتیں نازل کر دیجئے۔

18 یا اللہ! مجھے بخش دیجئے اور مجھ پر رحم فرمایئے اور میری توبہ قبول کیجئے کیونکہ آپ ہی بڑے توبہ قبول کرنے والے ہیں اور بڑے رحم والے ہیں۔

19 یا اللہ، میں آپ سے اہل ہدایت کی توفیق مانگتا ہوں اور اہل یقین کے سے اعمال مانگتا ہوں اور اہل توبہ کا سا اخلاص۔

التَّوْبَةِ وَعَزْمَ أَهْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ أَهْلِ الْخَشْيَةِ وَطَلَبَ أَهْلِ الرَّغْبَةِ وَتَعَبُّدَ أَهْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ أَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰى أَلْقَاكَ ۞ الحزب الاعظم

20 اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ مَخَافَةً تَحْجُزُنِيْ عَنْ مَّعَاصِيْكَ حَتّٰى أَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا أَسْتَحِقُّ بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰى أُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا مِّنْكَ وَحَتّٰى أُخْلِصَ لَكَ النَّصِيْحَةَ

اور اہل صبر کی سی ہمت اور اہل خوف کی سی کوشش اور اہل شوق کی سی طلب اور اہل تقویٰ کی سی عبادت اور اہل علم کی سی معرفت (مانگتا ہوں) یہاں تک کہ میں آپ سے مل جاؤں (یعنی مجھے موت آجائے)

20 یا اللہ! میں آپ سے وہ خوف مانگتا ہوں جو مجھے آپ کی نافرمانیوں سے روک دے تاکہ میں آپکی طاعت کے لیے ایسے عمل کروں جن سے میں آپکی خوشنودی کا مستحق ہو جاؤں اور تاکہ میں آپ سے ڈر کر آپ کے سامنے خالص توبہ کروں اور تاکہ آپ سے شرما کر آپکے روبرو خلوص کو صاف رکھوں۔

حَيَآءً مِّنْكَ وَحَتّٰٓى اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فِى الْاُمُوْرِ
كُلِّهَا ط وَحُسْنَ ظَنٍّ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ
النُّوْرِ ۞ اَللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا فُجَآءَةً وَّلَا تَأْخُذْنَا
بَغْتَةً ط وَّلَا تُغْفِلْنَا عَنْ حَقٍّ وَّلَا وَصِيَّةٍ ۞
21 اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِىْ فِىْ قَبْرِىْ ۞ اَللّٰهُمَّ
ارْحَمْنِىْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ط وَاجْعَلْهُ لِىْٓ اِمَامًا
وَّنُوْرًا وَّهُدًى وَّرَحْمَةً ۞ اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِىْ

اور تا کہ تمام کاموں میں آپ پر بھروسہ کروں اور آپکے ساتھ حسن ظن (نیک گمان) کو طلب کرتا ہوں، پاک ہے اے نور کے پیدا کرنے والے۔ یا اللہ! ہمیں ناگہاں ہلاک نہ کیجئے اور نہ ہمیں اچانک پکڑیئے اور نہ ہمیں کسی حق اور وصیت کی طرف سے غافل کیجئے۔

21 یا اللہ! میری قبر میں وحشت کی جگہ اُنس پیدا کر دیجئے، یا اللہ! مجھ پر قرآن عظیم کے طفیل رحم فرما دیجئے اور اسے (قرآن کریم کو) میرے حق میں رہبر اور نور اور ہدایت اور رحمت بنا دیجئے۔ یا اللہ! میں اس (قرآن کریم) میں سے جو کچھ بھول گیا ہوں وہ مجھے یاد کرا دیجئے اور ہمیں سے جو کچھ میں

مِنْهُ مَا نَسِيْتُ وَعَلِّمْنِيْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ
وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ
وَاجْعَلْهُ لِيْ حُجَّةً يَّارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ
22 اَللّٰهُمَّ اَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ
نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ اَتَقَلَّبُ فِيْ قَبْضَتِكَ وَاُصَدِّقُ
بِلِقَآئِكَ وَاُوْمِنُ بِوَعْدِكَ اَمَرْتَنِيْ فَعَصَيْتُ
وَنَهَيْتَنِيْ فَاَتَيْتُ هٰذَا مَكَانُ الْعَآئِذِ بِكَ

نہیں جانتا وہ مجھے سکھا دیجئے اور مجھے دن رات کے اوقات میں اسکی تلاوت نصیب کیجئے اور اسے میرے لیے حجت بنا دیجئے اے پروردگار عالم!۔

22 یا اللہ! میں آپ کا بندہ ہوں اور آپکے بندہ اور بندی کا بیٹا ہوں، ہمہ تن آپ ہی کی مٹھی میں ہوں، آپکے قبضے میں چلتا پھرتا ہوں اور آپ سے ملنے کی تصدیق کرتا ہوں اور آپ کے وعدہ پر یقین رکھتا ہوں، آپ نے مجھے حکم دیا لیکن میں نے نافرمانی کی اور آپ نے مجھے روکا لیکن میں نے اس کا ارتکاب کیا (اور نہ مانا) یہ جگہ آپ کے ذریعے دوزخ سے پناہ لینے کی

مِنَ النَّارِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ ظَلَمْتُ
نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ۭ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
اِلَّآ اَنْتَ ۞ الحزب الاعظم

23 اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى ۭ وَ
بِكَ الْمُسْتَغَاثُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ ۭ وَ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۞ الحزب الاعظم

24 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ ۭ

ہے، کوئی معبود نہیں ہے سوائے آپکے، آپ پاک ہیں، میں نے اپنی جان پر ظلم کیا پس مجھے بخش دیجیے کیونکہ آپ کے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔

23 یا اللہ! یہ تعریف آپ ہی کو لائق ہے اور آپ ہی سے شکایت چاہیے اور آپ ہی سے فریاد چاہیے (یعنی آپ ہی فریاد اور شکایت کیے جانے کے لائق ہیں) اور مدد آپ ہی سے طلب کیے جانے کے قابل ہے، اور نہ کوئی بچاؤ ہے (گناہ سے) اور نہ کوئی قوت ہے (عبادت کی) سوائے اللہ کے۔

24 یا اللہ! میں آپکی ناخوشی سے آپ کی رضا کی پناہ میں آتا ہوں اور آپ کے عذاب سے

وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ ۚ وَاَعُوْذُ بِكَ
مِنْكَ لَآ اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَيْكَ ۚ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ
عَلٰى نَفْسِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ
نَّزِلَّ اَوْ نُزِلَّ ۚ اَوْ نَضِلَّ اَوْ نُضِلَّ اَوْ نَظْلِمَ اَوْ يُظْلَمَ
عَلَيْنَا ۚ اَوْ نَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيْنَا ۚ اَوْ اَضِلَّ
اَوْ اُضَلَّ ۚ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِیْ
اَضَآءَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَاَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمَاتُ ۚ

آپ کے عفو کی پناہ میں آتا ہوں اور آپ کی پناہ میں آتا ہوں خود آپ سے، میں آپکی تعریف پوری طرح کر ہی نہیں سکتا، آپ تو اسی تعریف کے لائق ہیں جو آپ نے خود اپنی ذات کی کی ہے۔ یا اللہ! ہم آپکی پناہ میں آتے ہیں اس سے کہ ہم ڈگمگا جائیں یا کسی کو ڈگمگائیں یا ہم کسی کو گمراہ کریں یا ہم کسی پر ظلم کریں یا کوئی ہم پر ظلم کرے یا ہم جہالت کریں یا کوئی ہم سے جہالت کرے یا میں گمراہ ہوں یا کوئی مجھے گمراہ کرے، میں آپ کی ذاتِ گرامی کے نور کی پناہ میں آتا ہوں جس نے آسمانوں کو روشن کر رکھا ہے اور اس سے ظلمتیں چمک اٹھتی ہیں۔

وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَنْ
تُحِلَّ عَلَيَّ غَضَبَكَ وَتُنْزِلَ عَلَيَّ سَخَطَكَ
وَلَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ وَ
لَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ ﴿﴾ اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ
الْوَلِيْدِ ﴿﴾ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ
الْاَعْمَيَيْنِ السَّيْلِ وَالْبَعِيْرِ الصَّئُوْلِ ﴿﴾

اور اس سے دنیا و آخرت کے کام درست ہیں (اور پناہ چاہتا ہوں) اس امر سے کہ آپ مجھ پر اپنا غصہ اتاریں اور آپ مجھ پر اپنی ناخوشی نازل کریں اور (بلاشبہ) آپ حقدار ہیں کہ آپ منائے جائیں یہاں تک کہ آپ راضی ہو جائیں اور نہ کوئی بچاؤ (گناہ سے) ہے اور نہ کوئی طاقت (عبادت کی) ہے مگر آپکی مدد سے۔ یا اللہ! میں نگہبانی چاہتا ہوں بچے کی سی نگہبانی۔ یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں دونوں اندھی برائیوں یعنی سیلاب اور حملہ آور اونٹ کے شر سے۔

چھٹی منزل

بروز جمعرات

ان دعاؤں کے ورد کا زیادہ مناسب طریقہ یہ ہے کہ منزل کے ساتھ اوّل خطبہ ذیل پڑھیں اور جمعہ سے شروع کرکے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کردیں احقر کو بھی دعاؤں میں یاد رکھیں تو احسان عظیم ہوگا۔ بندہ محمد شفیع عفی عنہ

خُطْبَةُ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۞ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ۞ مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۞ وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۞ ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ۞ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۞

اے ان سب سے بہتر (ذات) جن سے امید قائم کی جائے اور ان سب سے سخی تر ذات جن سے کچھ مانگا جائے۔ ہم آپ کی تعریف کرتے ہیں کہ آپ نے ہمیں مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ تعالیٰ کے یہاں نزدیکی کا باعث ہے (یہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مانگی ہوئی مبارک دعائیں ہیں (یا اللہ) جب تک مشرق اور مغرب کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت کاملہ نازل فرمایئے اسکے بعد جو دعائیں آگے آرہی ہیں ہم آپ سے مانگتے ہیں، ہمارا کام مانگنا اور آپ کا کام قبول کرنا اور عطا کرنا ہے (لہٰذا ہماری دعائیں قبول فرمالیجئے)

اَلْمَنْزِلُ السَّادِسُ يَوْمَ الْخَمِيْسِ

چھٹی منزل بروز جمعرات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ بِمُحَمَّدٍ نَّبِيِّكَ وَاِبْرَاهِيْمَ
خَلِيْلِكَ وَمُوْسٰى نَجِيِّكَ وَعِيْسٰى رُوْحِكَ
وَكَلِمَتِكَ وَبِكَلَامِ مُوْسٰى وَاِنْجِيْلِ
عِيْسٰى وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِكُلِّ وَحْيٍ اَوْحَيْتَهٗ
اَوْ قَضَاءٍ قَضَيْتَهٗ اَوْ سَائِلٍ اَعْطَيْتَهٗ
اَوْ فَقِيْرٍ اَغْنَيْتَهٗ اَوْ غَنِيٍّ اَفْقَرْتَهٗ اَوْ

1 یا اللہ! میں آپ سے درخواست کرتا ہوں محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے طفیل جو آپکے نبی ہیں اور ابراہیم (علیہ السلام) کے طفیل جو آپ کے خلیل ہیں اور بہ طفیل موسیٰ (علیہ السلام) جو آپکے کلیم ہیں اور بہ طفیل عیسیٰ (علیہ السلام) جو روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں اور بہ طفیل کلام (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) اور بہ طفیل انجیل (حضرت) عیسیٰ (علیہ السلام) اور بہ طفیل زبور (حضرت) داؤد (علیہ السلام) اور بہ طفیل فرقان (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اور ہر اس وحی کے طفیل جسے آپ نے بھیجا ہو یا ہر اس حکم کے طفیل جسے آپ نے جاری کیا ہو اور ہر اس سائل کے طفیل جسے آپ نے

ضَآلٍّ هَدَيْتَهٗ ۚ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ
وَضَعْتَهٗ عَلَى الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ ۚ وَعَلَى
السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ ۚ وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ ۚ
وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ اسْتَقَرَّ بِهٖ
عَرْشُكَ ۚ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ
الْمُنَزَّلِ فِیْ كِتَابِكَ مِنْ لَّدُنْكَ ۚ وَبِاسْمِكَ
الَّذِیْ وَضَعْتَهٗ عَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ ۚ وَعَلَى

دیا ہو اور ہر (اُس) محتاج کے طفیل جسکو آپ نے تو نگر کیا ہو اور ہر اس تو نگر کے طفیل جسے آپ نے محتاج کر دیا ہو اور ہر گمراہ کے طفیل جسے آپ نے ہدایت دے دی ہو اور میں آپ سے درخواست کرتا ہوں آپکے ہر اس نام کے طفیل جسکو آپ نے زمین پر رکھا (تو) وہ ٹھہر گئی اور آسمانوں پر رکھا (تو) وہ قرار پکڑ گئے اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ جم گئے اور میں آپ سے درخواست کرتا ہوں اس نام کے طفیل جس سے آپ کا عرش ٹھہرا ہوا ہے اور میں آپ سے درخواست کرتا ہوں آپ کے اس نام کے طفیل جو پاک ہے اور ستھرا ہے اور آپکی کتاب میں آپکے پاس سے نازل ہوا ہے اور درخواست کرتا ہوں

اللَّيْلِ فَاظْلَمَ وَبِعَظَمَتِكَ وَكِبْرِيَائِكَ وَ
بِنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تَرْزُقَنِى الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ
وَتُخَلِّطَهُ بِلَحْمِىْ وَدَمِىْ وَسَمْعِىْ وَ
بَصَرِىْ وَتَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِىْ بِحَوْلِكَ
وَقُوَّتِكَ فَاِنَّهُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ ؕ
اَللّٰهُمَّ لَا تُؤْمِنَّا مَكْرَكَ وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ
وَلَا تَهْتِكْ عَنَّا سِتْرَكَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ

آپکے اس نام کے طفیل جسے آپ نے دن پر رکھا تو وہ روشن ہوگیا اور رات پر رکھا تو وہ اندھیری ہوگئی اور (درخواست کرتا ہوں) آپکی عظمت اور بڑائی کے طفیل اور آپکی ذات کے نور کے طفیل کہ آپ مجھے قرآن عظیم نصیب فرمائیں اور اُسے میرے گوشت میں اور میرے خون میں اور میری شنوائی میں اور میری بینائی میں پیوست فرمادیجئے اور اپنی قدرت اور قوت سے میرے جسم کو اس (قرآن) پر عامل بنادیجئے بیشک نہ کوئی بچاؤ (معصیت) سے ہے اور نہ کوئی قوت (طاعت ہی کی) مگر آپکے ذریعے ۔ یا اللہ! آپ ہمیں اپنی خفیہ گرفت سے بے فکر نہ کیجئے اور اپنی یاد سے ہمیں غافل نہ ہونے

الْغَافِلِيْنَ ۞ جمع الفوائد

2 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ تَعْجِيْلَ عَافِيَتِكَ وَدَفْعَ بَلَآئِكَ وَخُرُوْجًا مِّنَ الدُّنْيَا اِلٰى رَحْمَتِكَ ط يَا مَنْ يَّكْفِيْ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ وَّلَا يَكْفِيْ مِنْهُ اَحَدٌ ط يَآ اَحَدَ مَنْ لَّآ اَحَدَ لَهٗ ط يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ انْقَطَعَ الرَّجَآءُ اِلَّا مِنْكَ ط نَجِّنِيْ مِمَّآ اَنَا فِيْهِ وَاَعِنِّيْ عَلٰى مَآ اَنَا عَلَيْهِ ط مِمَّا

دیجئے اور نہ ہماری پردہ دری کیجئے اور ہمیں غافلوں میں سے نہ بنائیے۔

2 یا اللہ! میں آپ سے جلد ملنے والی عافیت مانگتا ہوں اور ہر بلا کی دوری طلب کرتا ہوں اور دنیا سے آپکی رحمت کی جانب منتقل ہونا مانگتا ہوں، اے وہ ذات! جو سب کے عوض کافی ہے اور کوئی بھی کافی نہیں ہے اسکے عوض، اے سب کچھ بے کسوں کے، اے سہارے بے سہاروں کے، امیدیں منقطع ہو چکی ہیں مگر آپ سے، مجھے نجات دیجئے اس حال سے جس میں میں ہوں اور جو بلا کہ نازل ہو چکی ہے اسکے مقابلے میں میری مدد کیجئے صدقے اپنی کریم ذات کے

نَزَلَ بِیْ بِجَاهِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ اٰمِيْنَ ۞ مستدرک حاکم

3 اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِیْ بِعَيْنِكَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاكْنُفْنِیْ بِرُكْنِكَ الَّذِیْ لَا يُرَامُ وَارْحَمْنِیْ بِقُدْرَتِكَ عَلَیَّ فَلَا اَهْلِكُ وَاَنْتَ رَجَآئِیْ فَكَمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَیَّ قَلَّ لَكَ بِهَا شُكْرِیْ وَكَمْ مِّنْ بَلِيَّةٍ ابْتَلَيْتَنِیْ بِهَا

اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے اس حق کے طفیل جو آپ پر ہے آمین۔

3 یا اللہ میری نگہبانی کیجیے اس آنکھ سے جو کبھی سوتی نہیں اور مجھے اپنی قوت کی آڑ میں لے لیجیے جسکے پاس کوئی پھٹک نہیں سکتا اور مجھ پر اپنی اس قدرت سے رحم کیجیے جو آپ کو مجھ پر حاصل ہے تاکہ میں ہلاک نہ ہوں اور آپ میری امید گاہ ہیں، کتنی ہی نعمتیں آپ نے مجھے دیں اور میرا ان کے لیے شکر کم ہی رہا اور کتنی مصیبتیں ہیں جن میں آپ نے مجھے مبتلا کیا اور میرا صبر ان پر کم رہا لہٰذا اے وہ (ذات) کہ اسکی نعمت کے وقت میرا شکر کم رہا پھر بھی اس نے مجھے

قَلَّ لَكَ بِهَا صَبْرِیْ فَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ نِعْمَتِهٖ شُكْرِیْ فَلَمْ يَحْرِمْنِیْ وَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ بَلِيَّتِهٖ صَبْرِیْ فَلَمْ يَخْذُلْنِیْ وَيَا مَنْ رَّاٰنِیْ عَلَى الْخَطَايَا فَلَمْ يَفْضَحْنِیْ ؕ

4 يَا ذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِیْ لَا يَنْقَضِیْ اَبَدًا ؕ وَيَا ذَا النَّعْمَآءِ الَّتِیْ لَا تُحْصٰى اَبَدًا ؕ اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ ؕ وَّبِكَ اَدْرَاُ فِیْ

محروم نہ کیا اور اے وہ (ذات) کہ اس کے ابتلا کے وقت میرا صبر کم رہا پھر بھی اس نے میرا ساتھ نہ چھوڑا اور اے وہ (ذات) کہ جس نے مجھے گناہوں پر دیکھا پھر بھی رسوانہ کیا۔

4 اے ایسے احسان والے (مولا) جس کا احسان کبھی ختم نہ ہو اور اے ایسی نعمتوں والے آقا جنکی نعمتیں کبھی شمار نہ ہو سکیں، میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر رحمتِ کاملہ نازل فرما دیجئے اور آپ ہی کے

نُحُوْرِ الْاَعْدَآءِ وَالْجَبَابِرَةِ ۞ کنزالعمال

5 اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی دِیْنِیْ بِالدُّنْیَا وَعَلٰی اٰخِرَتِیْ بِالتَّقْوٰی وَاحْفَظْنِیْ فِیْمَا غِبْتُ عَنْهُ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فِیْمَا حَضَرْتُهٗ یَا مَنْ لَّا تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ هَبْ لِیْ مَا لَا یَنْقُصُكَ وَاغْفِرْ لِیْ مَا لَا یَضُرُّكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَسْاَلُكَ

زور پر بھڑ جاتا ہوں دشمنوں اور زور آوروں کے مقابلہ میں۔

5 یا اللہ! میرے دین پر دنیا سے مدد فرما اور میری آخرت پر تقویٰ سے مدد فرما اور آپ ہی حفاظت فرمایئے میری ان چیزوں کی جو آنکھوں سے دور ہیں اور مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کیجئے ان چیزوں میں جو میرے سامنے ہیں، اے وہ (ذات) کہ اسے نہ گناہ نقصان پہنچا سکتے ہیں اور نہ اس کے ہاں مغفرت کوئی کمی کرتی ہے مجھے وہ چیز دیجئے جو آپ کے ہاں کمی نہیں کرتی (یعنی بخشش و مغفرت) اور مجھے معاف کر دیجئے وہ چیز جو آپ کو نقصان نہیں پہنچاتی (یعنی

فَرَجًا قَرِيبًا وَّصَبْرًا جَمِيلًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا
وَّالْعَافِيَةَ مِنْ جَمِيعِ الْبَلَآءِ ۚ وَاَسْأَلُكَ
تَمَامَ الْعَافِيَةِ ۚ وَاَسْأَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ ۚ
وَاَسْأَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ ۚ وَاَسْأَلُكَ
الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ ۚ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا
بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ ۞ الحزب الاعظم

6 اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيرَتِي خَيْرًا مِّنْ عَلَانِيَتِي ۚ

میرے گناہ) بے شک آپ ہی بڑے دینے والے ہیں، میں آپ سے فوری کشادگی کی اور صبر جمیل کی اور رزقِ وسیع کی اور تمام بلاؤں سے امن کی درخواست کرتا ہوں اور میں آپ سے پورا چین مانگتا ہوں اور آپ سے اس چین کا دوام مانگتا ہوں اور آپ سے اس چین پر شکر کی توفیق مانگتا ہوں اور آپ سے مخلوق کی طرف سے بے نیازی مانگتا ہوں اور نہ کوئی بچاؤ ہے (گناہوں سے) اور نہ کوئی قوت ہے (نیکی) کی بجز اللہ بزرگ و برتر کے۔

6 یا اللہ! میرے باطن کو میرے ظاہر سے بہتر بنا دیجئے۔

وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اَسْأَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِي النَّاسَ مِنَ
الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ غَيْرَ ضَالٍّ وَّلَا مُضِلٍّ ۞
7 اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ الْمُنْتَخَبِيْنَ
الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ الْوَفْدِ الْمُتَقَبَّلِيْنَ ۞
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ نَفْسًا بِكَ مُطْمَئِنَّةً
تُؤْمِنُ بِلِقَائِكَ وَتَرْضٰى بِقَضَائِكَ وَ

اور میرے ظاہر کو صالح بنا دیجئے ۔ یا اللہ! میں آپ سے درخواست کرتا ہوں ان اچھی چیزوں کی جو آپ لوگوں کو دیتے ہیں مال ہو یا بیوی بچے ۔ میں نہ گمراہ ہوں نہ گمراہ کرنے والا۔

7 یا اللہ! ہمیں اپنے ان منتخب بندوں میں سے بنا لیجئے جن کے چہرے اور اعضاء روشن ہونگے اور جو مقبول مہمان ہونگے ۔ یا اللہ! میں آپ سے ایسا نفس مانگتا ہوں جو آپ پر اطمینان رکھے اور آپ سے ملنے کا یقین رکھے اور آپ کی مشیت پر راضی رہے اور

تَقْنَعُ بِعَطَائِكَ ؕ کنز العمال

8 اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَائِمًا مَّعَ دَوَامِكَ ط وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَّعَ خُلُوْدِكَ ط وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ مَشِيَّتِكَ ط وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَا يُرِيْدُ قَائِلُهٗ اِلَّا رِضَاكَ ط وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّتَنَفُّسِ كُلِّ نَفْسٍ ؕ

آپ کے عطیہ پر قناعت کرے۔

8 یا اللہ حمد آپ ہی کے لیے ہے ایسی حمد کہ آپ کی ہمیشگی کے ساتھ وہ بھی ہمیشہ رہے اور آپ ہی کے لیے ایسی حمد کہ آپ کے دوام کے ساتھ وہ بھی دائم رہے اور آپ ہی کے لیے حمد ہے ایسی حمد کہ اس کی انتہا آپ کی مشیت کے ادھر نہیں اور آپ ہی کے لیے حمد ہے ایسی حمد کہ اس کے قائل کا مقصود تمام تر آپ ہی کی خوشنودی ہے اور آپ ہی کے لیے حمد ہے ایسی حمد جو ہر پلک جھپکانے اور ہر سانس لینے کے ساتھ ہو۔

اَللّٰھُمَّ اَقْبِلْ بِقَلْبِیْ اِلٰی دِیْنِكَ وَاحْفَظْ
مِنْ وَّرَآئِنَا بِرَحْمَتِكَ ۞ اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْنِیْ
اَنْ اَزِلَّ وَاھْدِنِیْ اَنْ اَضِلَّ ۞ کنزالعمال

9 اَللّٰھُمَّ کَمَا حُلْتَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ
قَلْبِیْ فَحُلْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ الشَّیْطَانِ
وَعَمَلِهٖ ۞ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَلَا
تَحْرِمْنَا رِزْقَكَ وَبَارِكْ لَنَا فِیْمَا رَزَقْتَنَا

یا اللہ! میرے دل کو اپنے دین کی طرف متوجہ کر دیجیے اور ہماری حفاظت رکھیے ادھر اُدھر سے اپنی رحمت کے ساتھ۔ یا اللہ! مجھے ثابت قدم رکھیے کہ کہیں میں ڈگمگا نہ جاؤں اور مجھے ہدایت پر رکھیے کہ کہیں میں گمراہ نہ ہو جاؤں۔

9 یا اللہ! آپ جس طرح حائل ہیں مجھ میں اور میرے دل میں تو آپ حائل ہو جائیے مجھ میں اور شیطان میں اور اس کے کام میں۔ یا اللہ! ہمیں اپنا فضل نصیب فرمائیے اور ہمیں اپنے رزق سے محروم نہ رکھیے اور جو رزق آپ نے ہمیں دیا ہے اس میں برکت دیجیے اور ہمارے

وَاجْعَلْ غِنَآءَنَا فِیْ اَنْفُسِنَا ط وَاجْعَلْ
رَغْبَتَنَا فِیْمَا عِنْدَکَ ۞ کنز العمال

10 اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ تَوَکَّلَ عَلَیْکَ
فَکَفَیْتَهٗ ط وَاسْتَھْدَاکَ فَھَدَیْتَهٗ ط
وَاسْتَنْصَرَکَ فَنَصَرْتَهٗ ۞ کنز العمال

11 اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِیْ خَشْیَتَکَ
وَذِکْرَکَ ط وَاجْعَلْ ھِمَّتِیْ وَھَوَایَ

دلوں کو غنی کر دیجئے اور جو کچھ آپ کے پاس ہے اسکی طرف ہمیں رغبت دیجئے (یعنی ہم شوق و رغبت کے ساتھ آپ کے اجر وثواب کی طرف لپکیں)

10 یا اللہ! مجھے ان لوگوں میں سے بنا دیجئے جنہوں نے آپ پر توکل کیا سو آپ ان کے لئے کافی ہو گئے اور انہوں نے آپ سے ہدایت چاہی سو آپ نے ہدایت دے دی اور انہوں نے آپ سے مدد چاہی ہے سو آپ نے انہیں مدد دی۔

11 یا اللہ! میرے دل کے وسوسوں (خیالات) کو اپنی خشیت (خوف) اور اپنی یاد بنا دیجئے اور میرے

فِيْمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى ۞ اَللّٰهُمَّ وَمَا ابْتَلَيْتَنِيْ
بِهٖ مِنْ رَّخَآءٍ وَّشِدَّةٍ فَمَسِّكْنِيْ بِسُنَّةِ
الْحَقِّ وَشَرِيْعَةِ الْاِسْلَامِ ۞ الحزب الاعظم

12 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ فِي
الْاَشْيَآءِ كُلِّهَا وَالشُّكْرَ لَكَ عَلَيْهَا حَتّٰى تَرْضٰى
وَبَعْدَ الرِّضٰى الْخِيَرَةَ فِيْ جَمِيْعِ مَا يَكُوْنُ
فِيْهِ الْخِيَرَةُ وَلِجَمِيْعِ مَيْسُوْرِ الْاُمُوْرِ

شوق اور ہمت کی چیز کو وہی کر دیجئے جسے آپ اچھا سمجھتے ہیں اور پسند کرتے ہیں۔ یا اللہ! آپ میرا امتحان نرمی یا سختی غرض جس چیز سے بھی کریں تو مجھے طریق حق اور شریعت اسلام پر جمائے رکھیے۔

12 یا اللہ! میں آپ سے تمام اشیاء میں نعمت کے پورے ہونے کی اور ان پر آپکے شکر کی توفیق پانے کی درخواست کرتا ہوں یہاں تک کہ آپ خوش ہو جائیں اور خوش ہو جانے کے بعد انتخاب میرے لیے کیجئے ایسی تمام چیزوں سے جن میں انتخاب ہوتا ہے اور انتخاب بھی سب

كُلِّهَا لَا بِمَعْسُوْرِهَا يَا كَرِيْمُ ۞ کنز العمال

13 اَللّٰهُمَّ فَالِقَ الْإِصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّيْلِ سَكَنًا وَّالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ حُسْبَانًا قَوِّنِيْ عَلَى الْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِكَ ۞ الحزب الاعظم

14 اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى خَلْقِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰٓى اَهْلِ بُيُوْتِنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

ہی آسان (اچھے) کاموں کا، نہ کہ دشوار کاموں کا اے کریم!۔

13 اے اللہ! صبح کے نکالنے والے اور رات کو آرام کا وقت بنانے والے اور سورج اور چاند کو وقت کا مقیاس بنانے والے! مجھے اپنی راہ میں جہاد کی قوت دیجئے۔

14 یا اللہ! آپ ہی کے لیے حمد ہے آپ کے آزمانے میں اور اپنی مخلوق کے ساتھ آپ کے برتاؤ میں اور آپ ہی کے لیے حمد ہے آپ کے آزمانے میں اور ہمارے گھر والوں کے ساتھ

فِیْ بَلَآئِكَ وَصَنِیْعِكَ اِلٰی اَنْفُسِنَا
خَآصَّۃً ط وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا ھَدَیْتَنَا ط
وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَآ اَكْرَمْتَنَا ط وَلَكَ الْحَمْدُ
بِمَا سَتَرْتَنَا ط وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْقُرْاٰنِ ط
وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْاَھْلِ وَالْمَالِ ط وَلَكَ الْحَمْدُ
بِالْمُعَافَاۃِ ط وَلَكَ الْحَمْدُ حَتّٰی تَرْضٰی ط
وَلَكَ الْحَمْدُ اِذَا رَضِیْتَ یَآ اَھْلَ التَّقْوٰی

آپ کے برتاؤ میں اور آپ ہی کے لیے حمد ہے آپ کے آزمانے میں اور خاص ہماری جانوں کے ساتھ آپ کے برتاؤ میں اور آپ ہی کے لیے حمد ہے اس پر کہ آپ نے ہمیں ہدایت دی اور آپ ہی کے لیے حمد ہے اس پر کہ آپ نے ہمیں عزت دی اور آپ ہی کے لیے حمد ہے کہ آپ نے ہماری پردہ پوشی کی اور آپ ہی کے لیے حمد ہے قرآن کریم عطا کرنے پر اور آپ ہی کے لیے حمد ہے اہل ومال پر اور آپ ہی کے لیے حمد ہے درگزر کرنے پر اور آپ ہی کے لیے حمد ہے یہاں تک کہ آپ خوش ہو جائیں اور آپ ہی کے لیے حمد ہے جب کہ آپ خوش ہو جائیں، اے

وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ ۞ کنز العمال

15 اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِیْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی مِنَ
الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ وَالْفِعْلِ وَالنِّیَّةِ وَالْهُدٰی ط
اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۞ کنز العمال

16 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ خَلِیْلٍ مَاكِرٍ
عَیْنَاهُ تَرَیَانِیْ وَقَلْبُهٗ یَرْعَانِیْ ط اِنْ رَّاٰی
حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِنْ رَّاٰی سَیِّئَةً اَذَاعَهَا ۞

وہ ذات کہ جس سے ڈرنا چاہیے اور اے وہ ذات کہ جو کہ آپ ہی مغفرت فرما سکتے ہیں۔

15 یا اللہ! مجھے اس چیز کی توفیق دیجیے جسے آپ اچھا سمجھیں خواہ وہ قول ہو یا عمل یا فعل یا نیت یا طریقہ، بے شک آپ ہی ہر چیز پر قادر ہیں۔

16 یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں (ایسے) مکار دوست سے جس کی آنکھیں تو مجھے دیکھتی ہیں اور اسکا قلب مجھے چیرے لیتا ہو اگر وہ بھلائی دیکھے تو اسے دبا دے اور برائی دیکھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُؤْسِ وَ
التَّبَاؤُسِ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ
اِبْلِیْسَ وَجُنُوْدِهٖ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُ بِكَ
مِنْ فِتْنَةِ النِّسَآءِ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُ بِكَ
مِنْ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ وَجْهَكَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ط
اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ عَمَلٍ یُّخْزِیْنِیْ ط
وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ صَاحِبٍ یُّؤْذِیْنِیْ ط

تو اس کا چرچا کرے۔ یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں شدتِ فقر سے اور شدتِ محتاجی سے۔ یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں ابلیس اور اسکے لشکر سے۔ یا اللہ! میں آپکی پناہ میں آتا ہوں عورتوں کے فتنہ سے۔ یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ آپ قیامت کے دن مجھ سے منہ پھیر لیں۔ یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں ہر اس عمل سے جو مجھے رُسوا کر دے اور آپ کی پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے (برے) ساتھی سے جو مجھے تکلیف دے۔

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ اَمَلٍ يُّلْهِيْنِيْ وَ
اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ فَقْرٍ يُّنْسِيْنِيْ وَ
اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ غِنًى يُّطْغِيْنِيْ ۞
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَّوْتِ الْهَمِّ
وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَّوْتِ الْغَمِّ ۞ کنز العمال

اور آپ کی پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے منصوبے سے جو مجھے غافل کردے اور آپ کی پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے فقر سے جو مجھے بھول میں ڈال دے۔ یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں ہر ایسی دولت سے جو مجھے سرکش بنادے، یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں فکر کی موت سے اور میں آپکی پناہ میں آتا ہوں غم کی موت سے۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ساتویں منزل

بروز جُمعہ

ان دعاؤں کے ورد کا زیادہ مناسب طریقہ یہ ہے کہ منزل کے ساتھ اول خطبہ ذیل پڑھیں اور جمعہ سے شروع کرکے ہر روز ایک منزل ترتیب وار پڑھ کر جمعہ کو ختم کردیں احقر کو بھی دعا میں یاد رکھیں تو احسان عظیم ہوگا۔ بندہ محمد شفیع عفی عنہ

خُطْبَۃُ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰہِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُ لَکَ یَا خَیْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَاَکْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۞ عَلٰی مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاۃِ الْمَقْبُوْلِ ۞ مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰہِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ فَصَلِّ عَلَیْہِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۞ وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۞ ثُمَّ نَسْئَلُکَ بِمَا سَنَقُوْلُ ۞ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْکَ الْقَبُوْلُ ۞

اے ان سب سے بہتر (ذات) جن سے امید قائم کی جائے اور ان سب سے سخی تر ذات جن سے کچھ مانگا جائے۔ ہم آپ کی تعریف کرتے ہیں کہ آپ نے ہمیں مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ تعالیٰ کے یہاں نزدیکی کا باعث ہے (یہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مانگی ہوئی مبارک دعائیں ہیں (یا اللہ) جب تک مشرق اور مغرب کی ہوائیں چلتی رہیں اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت کاملہ نازل فرمایئے اسکے بعد جو دعائیں آگے آرہی ہیں ہم آپ سے مانگتے ہیں، ہمارا کام مانگنا اور آپ کا کام قبول کرنا اور عطا کرنا ہے (لہٰذا ہماری دعائیں قبول فرمالیجئے)

اَلْمَنْزِلُ السَّابِعُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

ساتویں منزل بروز جمعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1 يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ ۞ اَللّٰهُمَّ يَا كَبِيْرُ يَا
سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا
وَزِيْرَ لَهٗ ۠ وَيَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ
الْمُنِيْرِ ۠ وَيَا عِصْمَةَ الْبَآئِسِ الْخَآئِفِ
الْمُسْتَجِيْرِ ۠ وَيَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ
وَيَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ ۠ اَدْعُوْكَ دُعَآءَ
الْبَآئِسِ الْفَقِيْرِ كَدُعَآءِ الْمُضْطَرِّ

1 اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! یا اللہ! اے بڑائی والے! اے سننے والے! اے دیکھنے والے! اے وہ (ذات) کہ جسکا نہ کوئی شریک ہے اور نہ ہی مشیر، اے روشن آفتاب و ماہتاب کے پیدا کرنے والے اور اے مصیبت زدہ، ڈرنے والے اور پناہ ڈھونڈنے والے کی پناہ اور اے ننھے بچے کو روزی پہنچانے والے اور اے ٹوٹی ہوئی ہڈی کے جوڑنے والے! میں آپ سے سوال کرتا ہوں مصیبت زدہ محتاج کا سا سوال کرنا جیسے بے قرار

الضَّرِيْرِ اَسْأَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَبِمَفَاتِيْحِ الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِالْاَسْمَآءِ الثَّمَانِيَةِ الْمَكْتُوْبَةِ عَلٰى قَرْنِ الشَّمْسِ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَجَلَآءَ حُزْنِيْ ﴿ الحزب الاعظم

2 رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا كَذَا وَكَذَا يَا مُوْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ وَّيَا صَاحِبَ كُلِّ فَرِيْدٍ

آفت زدہ سوال کرتا ہے اور میں آپ سے سوال کرتا ہوں آپ کے عرش کے بندھائے عزت کے واسطے سے اور آپ کی کتاب کی رحمت کی کنجیوں کے واسطے سے اور ان آٹھ ناموں کے واسطے سے جو رخ آفتاب پر لکھے ہوئے ہیں اس قرآن کریم کو میرے دل کی بہار اور میرے غم کی کشادگی بنا دیجئے۔

2 اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں فلاں فلاں چیزیں عطا کیجئے، اے غم گسار ہر اکیلے کے اور اے رفیق ہر تنہا کے۔

وَيَا قَرِيْبًا غَيْرَ بَعِيْدٍ ۚ وَيَا شَاهِدًا غَيْرَ
غَائِبٍ وَّيَا غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ ۚ يَا حَيُّ
يَا قَيُّوْمُ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ۚ
يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَا زَيْنَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ يَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَا بَدِيْعَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَا قَيَّامَ السَّمٰوٰتِ

اور اے ایسا قریب جو بعید نہیں اور اے ایسا حاضر جو غائب نہیں اور اے ایسا غالب جو مغلوب نہیں، یاحی یاقیوم اے بزرگی اور عظمت والے! اور اے آسمانوں اور زمین کے نور! اور اے آسمانوں اور زمین کی زینت! اے آسمانوں اور زمین کے انتظام رکھنے والے! اور اے آسمانوں اور زمین کے تھامنے والے! اور اے آسمانوں اور زمین کے موجد! اور اے آسمانوں اور زمین کو قائم رکھنے والے!

وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ؕ یَا صَرِیْخَ
الْمُسْتَصْرِخِیْنَ وَمُنْتَهَى الْعَآئِذِیْنَ ؕ وَالْمُفَرِّجُ
عَنِ الْمَكْرُوْبِیْنَ وَالْمُرَوِّحُ عَنِ الْمَغْمُوْمِیْنَ ؕ
وَمُجِیْبَ دُعَآءِ الْمُضْطَرِّیْنَ وَیَا كَاشِفَ
الْمَكْرُوْبِ ؕ یَآ اِلٰهَ الْعٰلَمِیْنَ وَیَآ اَرْحَمَ
الرّٰحِمِیْنَ ؕ مَنْزُوْلٌ بِكَ كُلُّ حَاجَةٍ ۞
3 اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ خَلَّاقٌ عَظِیْمٌ ؕ اِنَّكَ

اور اے بزرگی اور عظمت والے! اے فریادیوں کے فریادرس اور پناہ مانگنے والوں کی آخری ڈور! اے بے چینوں کو کشادگی دینے والے! اور غم زدوں کو راحت دینے والے! اور بے قراروں کی دعا کے قبول کرنے والے! اور اے صاحب کرب کو شفا دینے والے! یا الٰہ العٰلمین اور اے ارحم الراحمین! آپ ہی کے سامنے ہر حاجت پیش کی جاتی ہے۔

3 یا اللہ! آپ بڑے پیدا کرنے والے ہیں آپ۔

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ط اِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ط اِنَّكَ
رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ الْبَرُّ
الْجَوَّادُ الْكَرِيْمُ ط اِغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ
وَارْزُقْنِيْ وَاسْتُرْنِيْ وَاجْبُرْنِيْ وَارْفَعْنِيْ
وَاهْدِنِيْ وَلَا تُضِلَّنِيْ وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ
بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط اِلَيْكَ رَبِّ
فَحَبِّبْنِيْ وَفِيْ نَفْسِيْ لَكَ فَذَلِّلْنِيْ ط وَفِيْ

سب کچھ سنتے ہیں آپ سب کچھ جانتے ہیں آپ غفور ہیں آپ رحیم ہیں، آپ ہی عرش عظیم کے مالک ہیں۔ یا اللہ! آپ محسن ہیں، صاحب جود ہیں، صاحب کرم ہیں، آپ مجھے بخش دیجئے اور مجھ پر رحم کیجئے اور مجھے چین دیجئے اور مجھے روزی دیجئے اور میری پردہ پوشی کیجئے اور میرے نقصان کو پورا کیجئے اور مجھے بلندی دیجئے اور مجھے ہدایت دیجئے اور مجھے گمراہ نہ کیجئے اور اپنی رحمت سے مجھے جنت میں داخل کر دیجئے اے ارحم الراحمین! اے میرے پروردگار! مجھے اپنا محبوب بنا لیجئے اور میرے دل میں اپنے مقابلہ میں فرمانبرداری ڈال دیجئے اور

اَعْيُنِ النَّاسِ فَعَظِّمْنِیْ وَمِنْ سَيِّئِ الْاَخْلَاقِ فَجَنِّبْنِیْ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ سَأَلْتَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا مَا لَا نَمْلِكُهٗ اِلَّا بِكَ فَاَعْطِنَا مِنْهَا مَا يُرْضِيْكَ عَنَّا ۞ کنز العمال

4 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ اِيْمَانًا دَآئِمًا وَّاَسْأَلُكَ قَلْبًا خَاشِعًا وَاَسْأَلُكَ يَقِيْنًا صَادِقًا وَّاَسْأَلُكَ دِيْنًا قَيِّمًا وَاَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ

لوگوں کی نظر میں مجھے معزز کر دیجئے اور برے اخلاق سے مجھے بچا لیجئے۔ یا اللہ! آپ نے ہماری ذات کے ان اعمال کو طلب کیا ہے جن پر ہم کوئی اختیار بغیر آپ کی توفیق کے نہیں رکھتے تو آپ ہمیں ان میں سے اس عمل کی توفیق دے دیجئے جو آپ کو ہم سے رضا مند کر دے۔

4 یا اللہ! میں آپ سے ہمیشہ رہنے والا ایمان طلب کرتا ہوں اور آپ سے خشوع والا دل طلب کرتا ہوں اور آپ سے سچا یقین طلب کرتا ہوں اور آپ سے دین مستقیم طلب کرتا ہوں اور آپ سے ہر بلا سے امن طلب کرتا ہوں۔

مِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ ط وَاَسْئَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ
وَاَسْئَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَاَسْئَلُكَ
الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْتَغْفِرُكَ
لِمَا تُبْتُ اِلَيْكَ مِنْهُ ثُمَّ عُدْتُّ فِيْهِ ط
وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَآ اَعْطَيْتُكَ مِنْ نَّفْسِىْ
ثُمَّ لَمْ اُوْفِ لَكَ بِهٖ ط وَاَسْتَغْفِرُكَ لِلنِّعَمِ
الَّتِىْ تَقَوَّيْتُ بِهَا عَلٰى مَعْصِيَتِكَ ط وَ

اور آپ سے امن کا دوام طلب کرتا ہوں اور آپ سے امن پر (توفیق) شکر طلب کرتا ہوں اور آپ سے مخلوق کی طرف سے بے نیازی طلب کرتا ہوں۔ یا اللہ! میں آپ سے اس گناہ کی معافی چاہتا ہوں جس سے میں نے توبہ کی پھر لوٹ کر اسکو کیا ہو اور میں آپ سے اس عہد کی معافی چاہتا ہوں جو میں نے اپنی جانب سے دیا ہو اور پھر اس کو پورا نہ کیا ہو اور میں آپ سے ان نعمتوں کے بارے میں معافی چاہتا ہوں جن سے میں نے قوت حاصل کر کے اُسے آپکی نافرمانی میں لگا دیا اور

أَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ خَيْرٍ أَرَدْتُّ بِهٖ وَجْهَكَ فَخَالَطَنِیْ فِيْهِ مَا لَيْسَ لَكَ ۞ اَللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِیْ فَإِنَّكَ بِیْ عَالِمٌ وَّلَا تُعَذِّبْنِیْ فَإِنَّكَ عَلَیَّ قَادِرٌ ۞ کنز العمال

5 اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۞ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ كُلَّ مُهِمٍّ مِّنْ حَيْثُ شِئْتَ وَمِنْ أَيْنَ شِئْتَ حَسْبِیَ اللّٰهُ

آپ سے معافی چاہتا ہوں اس نیکی کے بارے میں کہ میں نے اسکو خالصۃً آپ کے لیے کرنا چاہا پھر اسمیں وہ چیز مل گئی جو خالص آپ کے لیے نہ تھی۔ یا اللہ! مجھے رسوا نہ کیجئے بے شک آپ مجھے خوب جانتے ہیں۔ اور مجھے عذاب نہ دیجئے بے شک آپ مجھ پر ہر طرح قدرت رکھتے ہیں۔

5 یا اللہ! ساتوں آسمانوں کے مالک اور عرشِ عظیم کے مالک۔ یا اللہ! آپ میرے لیے ہر مہم میں کافی ہو جایئے جس طرح آپ چاہیں اور جس جگہ آپ چاہیں، اللہ تعالیٰ مجھے میرے دین کے لیے کافی ہیں،

لِدِيْنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدُنْيَايَ ط حَسْبِيَ اللّٰهُ
لِمَا اَهَمَّنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَيَّ ط حَسْبِيَ
اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِيْ
بِسُوْٓءٍ ط حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِيَ اللّٰهُ
عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ فِي الْقَبْرِ ط حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ
الْمِيْزَانِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ ط حَسْبِيَ
اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

مجھے اللہ تعالیٰ میری دنیا کے لیے کافی ہیں مجھے اللہ تعالیٰ میری فکروں کے لیے کافی ہیں، مجھے اللہ تعالیٰ اس شخص کے لیے کافی ہیں جو مجھ پر زیادتی کرتا ہو، مجھے اللہ تعالیٰ اس شخص کیلئے جو مجھ سے حسد کرتا ہو کافی ہیں، مجھے اللہ تعالیٰ اس شخص کے لیے جو مجھے برائی کے ساتھ دھوکہ دیتا ہے کافی ہیں، مجھے اللہ تعالیٰ موت کے وقت کافی ہیں، مجھے اللہ تعالیٰ سوال قبر کے وقت کافی ہیں، مجھے اللہ تعالیٰ میزان (حشر) کے پاس کافی ہیں، مجھے اللہ تعالیٰ پل صراط کے پاس کافی ہیں، مجھے اللہ تعالیٰ کافی ہیں، اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اسی پر میں

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

6 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ ثَوَابَ الشَّاكِرِيْنَ وَنُزُلَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۙ وَمُرَافَقَةَ النَّبِيِّيْنَ وَيَقِيْنَ الصِّدِّيْقِيْنَ ۙ وَذِلَّةَ الْمُتَّقِيْنَ وَاِخْبَاتَ الْمُوْقِنِيْنَ ۙ حَتّٰى تَوَفَّانِیْ عَلٰى ذٰلِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ الحزب الاعظم

7 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ بِنِعْمَتِكَ السَّابِقَةِ

نے بھروسہ کیا اور وہی عرشِ عظیم کا رب ہے۔

6 یا اللہ میں آپ سے مانگتا ہوں ثواب شکرگذاروں کا سا اور مہمانداری مقربین کی سی اور رفاقت انبیاء (علیہم السلام) کی اور اعتقاد صدیقوں کا سا اور خاکساری اہل تقویٰ کی سی اور خشوع اہل یقین کا سا یہاں تک کہ آپ مجھے اسی حال پر اٹھالیں اے سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والے!

7 یا اللہ! میں آپ سے مانگتا ہوں بوسیلہ اس انعام کے جو سابق میں مجھ پر رہا ہے اور بہ

عَلَيَّ وَبَلَآئِكَ الْحَسَنِ الَّذِي ابْتَلَيْتَنِي بِهٖ وَفَضْلِكَ الَّذِي فَضَّلْتَ عَلَيَّ اَنْ تُدْخِلَنِي الْجَنَّةَ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ ۞ (کنز العمال)

8 اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا دَآئِمًا وَّهُدًى قَيِّمًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا ۞ کنز العمال

9 اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِّفَاجِرٍ عِنْدِي نِعْمَةً اُكَافِيْهِ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۞ کنز العمال

واسطہ اس اچھے امتحان کے جو آپ نے میرا لیا ہے اور بوسیلہ اس فضل کے جو آپ نے مجھ پر کیا ہے کہ آپ مجھے اپنے احسان اور فضل ورحمت سے جنت میں داخل کر دیجئے۔

8 یا اللہ! میں آپ سے ہمیشہ رہنے والا ایمان اور مستحکم ہدایت اور نفع بخش علم مانگتا ہوں۔

9 یا اللہ! کسی بدکار کا مجھ پر احسان نہ ہونے دیجئے کہ مجھے دنیا اور آخرت میں اس کی مکافات کرنی پڑے۔

10 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ خُلُقِيْ ط
وَطَيِّبْ لِيْ كَسْبِيْ وَقَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ ط
وَلَا تُذْهِبْ طَلَبِيْ إِلٰى شَيْءٍ صَرَفْتَهٗ عَنِّيْ ط
11 اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَجِيْرُكَ مِنْ جَمِيْعِ كُلِّ
شَيْءٍ خَلَقْتَ ط وَأَحْتَرِسُ بِكَ مِنْهُنَّ ط
وَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ وَلِيْجَةً وَّاجْعَلْ لِّيْ
عِنْدَكَ زُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ وَاجْعَلْنِيْ

10 یا اللہ! میرے گناہ بخش دیجئے اور میرے اخلاق کو وسیع کر دیجئے اور میری آمدنی کو حلال رکھیے اور جو کچھ آپ نے مجھے دے رکھا ہے اس پر مجھے قناعت دیجئے اور اس چیز کی طرف میری طلب نہ لے جائیے جو آپ نے مجھ سے ہٹالی ہو۔

11 یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں ان تمام چیزوں سے جو آپ نے پیدا کی ہیں اور ان سے آپ کی حفاظت میں آتا ہوں اور میرے لیے اپنے یہاں رسائی پیدا کر لیجئے اور میرے

مِمَّنْ يَّخَافُ مَقَامَكَ وَوَعِيْدَكَ وَيَرْجُوْ
لِقَآءَكَ وَاجْعَلْنِىْ مِمَّنْ يَّتُوْبُ اِلَيْكَ
تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّاَسْاَلُكَ عَمَلًا
مُّتَقَبَّلًا وَّعِلْمًا نَّجِيْحًا وَّ سَعْيًا
مَّشْكُوْرًا وَّتِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۞ كنز العمال

12 اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ فِكَاكَ رَقَبَتِىْ مِنَ
النَّارِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّىْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ

لیے اپنے ہاں تقرب اور رجوع نیک کر دیجئے اور مجھے ان لوگوں میں سے بنا دیجئے جو آپکے سامنے کھڑے ہونے سے اور آپ کی وعید سے ڈرتے ہیں اور آپ کے دیدار کی تمنا رکھتے ہیں اور مجھے ان لوگوں میں سے بنا دیجئے جو آپ کی طرف توبہ کرتے ہیں خالص توبہ اور میں آپ (ہی) سے طلب کرتا ہوں عمل مقبول اور کار آمد علم اور سعی مشکور اور (کامیاب) تجارت جسمیں گھاٹا نہ ہو۔

12 یا اللہ میں آپ سے مانگتا ہوں دوزخ سے جاں بخشی۔ یا اللہ! میری مدد فرمائیے موت کی

وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ ۞ کتاب الاذکار

13 اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى ۞ کنز العمال

14 اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ ط وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَاۤ اَعْلَمُ بِهٖ ط وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ يَّدْعُوَ عَلَيَّ رَحِمٌ قَطَعْتُهَا ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

بے ہوشیوں پر اور موت کی سختیوں پر۔

13 یا اللہ! مجھے بخش دیجئے اور مجھ پر رحم فرمایئے اور مجھے اعلیٰ رفیقوں میں شامل فرمایئے۔

14 یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ آپ کے ساتھ کچھ بھی شریک کروں درآنحالیکہ میں اس کو جانتا ہوں اور آپ سے (شرک) کی معافی چاہتا ہوں جسے میں نہ جانتا ہوں۔ اور آپ کی پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ مجھے کوئی رشتہ دار بددعا دے جسکی

شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنِ امْرَاَةٍ تُشَيِّبُنِيْ قَبْلَ الْمَشِيْبِ ۚ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَّلَدٍ يَّكُوْنُ عَلَيَّ وَبَالًا ۚ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَّالٍ يَّكُوْنُ عَلَيَّ عَذَابًا ۞ اَللّٰهُمَّ

میں نے حق تلفی کی ہو۔ یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں اُس حیوان کے شر سے جو پیٹ کے بل چلتا ہے اور اس حیوان کے شر سے جو دو پیروں پر چلتا ہے اور اس حیوان کے شر سے جو چار پیروں پر چلتا ہے۔ یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں اس عورت سے جو مجھے بڑھاپے سے پہلے بوڑھا کر دے اور آپ کی پناہ میں آتا ہوں ایسی اولاد سے جو مجھ پر وبال ہو اور آپ کی پناہ

اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الشَّکِّ فِی الْحَقِّ بَعْدَ الْیَقِیْنِ ؕ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ؕ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ مَّوْتِ الْفُجَآءَۃِ ؕ وَمِنْ لَّدْغِ الْحَیَّۃِ وَمِنَ السَّبُعِ ؕ وَمِنَ الْغَرَقِ وَمِنَ الْحَرَقِ ؕ وَمِنْ اَنْ اَخِرَّ عَلٰی شَیْءٍ وَّ

میں آتا ہوں ایسے مال سے جو میرے حق میں عذاب ہو۔ یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں حق بات میں اعتقاد کے بعد شک لانے سے اور آپ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے اور آپ کی پناہ میں آتا ہوں روزِ جزا کی سختی سے۔ یا اللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں ناگہانی موت سے اور سانپ کے کاٹنے سے اور درندے سے اور ڈوبنے سے اور جل جانے سے اور

مِنَ الْقَتْلِ عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ ؕ
ثُمَّ يَقُوْلُ بَعْدَ الْخَتْمِ ؕ
وَتَقَبَّلْ هٰذِهِ الدَّعْوَاتِ فِيْ حَقِّ
مُحَمَّدْ اَشْرَفْ عَلِيْ وَعَبْدِ الْوَاسِعْ
وَمُحَمَّدْ مُصْطَفٰى وَمُحَمَّدْ عَلِيْ وَ
مُحَمَّدْ شَفِيْعْ وَعَبْدِ الْمَاجِدْ وَفِيْ حَقِّ اٰبَآئِهِمْ وَاُمَّهَاتِهِمْ
وَجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ؕ وَصَلّٰى

اس سے کہ کسی چیز پر گر پڑوں اور لشکر کے بھاگنے کے وقت مارے جانے سے۔ پھر منزل ختم ہونے کے بعد عرض کرے کہ یا اللہ! ان دعاؤں کو قبول فرمالیجیے (حضرت مولانا) محمد اشرف علی صاحب (مؤلف کتاب) اور (مولوی) عبدالواسع (ناظم ترجمہ) اور (مولوی حکیم) محمد مصطفیٰ (مترجم اول) اور قاضی محمد علی مرحوم (سائق ترجمہ) اور حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیو بندی کے حق میں اور (حضرت مولانا) عبدالماجد

اللهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِ الْكَائِنَاتِ ۞ وَأَكْرَمِ الْمَخْلُوْقَاتِ ۞ صَلٰوةً تَسْبِقُ الْغَايَاتِ ۞

(دریا آبادی مترجم ثانی اور عبدالرؤف سکھروی مترجم ثالث) اور ان کے والدین اور تمام ایمان والوں اور ایمان والیوں کے حق میں اور حق تعالیٰ رحمت کاملہ نازل فرمائے سرور کائنات ﷺ اور بہترین مخلوقات پر ایسی رحمت جو انتہاؤں سے گزر جائے (آمین)

ڈیزائننگ اینڈ لے آؤٹ، ایپل میڈیا گرافکس محمد رفیق کرار Gsm: 0321-7585485